سُبْحَانَكَ يَا حَكَمُ، تَعَالَيْتَ يَا حَكِيمُ، أَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيرُ

تو پاک ہے فیصلہ کرنے والے تو بلند تر ہے حکمت والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُعْطِي، تَعَالَيْتَ يَا مَانِعُ، أَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيرُ

تو پاک ہے عطا کرنے والے تو بلند تر ہے روک لینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ضَارُّ، تَعَالَيْتَ يَا نَافِعُ، أَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيرُ

تو پاک ہے نقصان دینے والے تو بلند تر ہے نفع دینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُجِيبُ، تَعَالَيْتَ يَا حَسِيبُ، أَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيرُ

تو پاک ہے دعا قبول کرنے والے تو بلند تر ہے حساب کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَاعَادِلُ، تَعَالَیْتَ یَافَاصِلُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے عدل کرنے والے تو بلند تر ہے اے جدا کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَالَطِیْفُ، تَعَالَیْتَ یَاشَرِیْفُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے لطف کرنے والے تو بلند تر ہے اے عزت والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَارَبُّ، تَعَالَیْتَ یَاحَقُّ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے پالنے والے تو بلند تر ہے اے برحق ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَامَاجِدُ، تَعَالَیْتَ یَاوَاحِدُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے بزرگی والے تو بلند تر ہے اے یکتا ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَاعَفُوُّ، تَعَالَیْتَ یَامُنْتَقِمُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے معاف کرنے والے تو بلند تر ہے بدلہ لینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَاوَاسِعُ، تَعَالَیْتَ یَامُوَسِّعُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے کشادگی والے تو بلند تر ہے کشادگی دینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَارَؤُوْفُ، تَعَالَیْتَ یَاعَطُوْفُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے مہربانی کرنے والے تو بلند تر ہے اے نرمی کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَافَرْدُ، تَعَالَیْتَ یَاوِتْرُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے بے مثل تو بلند تر ہے اے تنہا ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَامُقِیْتُ، تَعَالَیْتَ یَامُحِیْطُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے نگاہ رکھنے والے تو بلند تر ہے اے احاطہ کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَاوَکِیْلُ، تَعَالَیْتَ یَاعَدْلُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے کارساز تو بلند تر ہے انصاف کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَامُبِیْنُ، تَعَالَیْتَ یَامَتِیْنُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے روشن تر تو بلند تر ہے اے محکم ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَکَ یَابَرُّ، تَعَالَیْتَ یَاوَدُوْدُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ

تو پاک ہے اے نیکوتر تو بلند تر ہے اے محبت والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا رَشِيْدُ، تَعَالَيْتَ يَا مُرْشِدُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے ہدایت والے تو بلند تر ہے اے ہدایت دینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا نُوْرُ، تَعَالَيْتَ يَا مُنَوِّرُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نور تو بلند تر ہے اے نور دینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا نَصِيْرُ، تَعَالَيْتَ يَا نَاصِرُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے مدد کرنے والے تو بلند تر ہے اے مددگار ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا صَبُوْرُ، تَعَالَيْتَ يَا صَابِرُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے برداشت کرنے والے تو بلند تر ہے اے صبر کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُحْصِیْ، تَعَالَيْتَ يَا مُنْشِئُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے جمع کرنے والے تو بلند ہے اے پیدا کرنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا سُبْحَانُ، تَعَالَيْتَ يَا دَيَّانُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے پاک تو بلند تر ہے اے جزا دینے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُغِيْثُ، تَعَالَيْتَ يَا غِيَاثُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے فریادرس تو بلند ہے اے فریاد کو پہنچنے والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا فَاطِرُ، تَعَالَيْتَ يَا حَاضِرُ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے پیدا کرنے والے تو بلند تر ہے اے موجود ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ذَا الْعِزِّ وَالْجَمَالِ، اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بڑائی اور حسن والے ہمیں آگ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَبَرُوْتِ وَالْجَلَالِ.

تو بابرکت ہے اے صاحب اقتدار اور جلالت والے

سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ

تو پاک ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے تو پاک ہے بیشک میں خطاکاروں میں سے ہوں

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ

پس ہم نے اسکی دعا قبول کی اور ہم نے اسکو رنج سے نجات دی

وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ،

اور ہم مومنوں کو اسیطرح نجات دیتے ہیں

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ،

اور خدا ہمارے سردار حضرت محمد اور انکی ساری آل (ع) پر رحمت فرمائے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،

اور ساری تعریف اللہ ہی کیلیئے ہے جو عالمین کا رب ہے

وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ،

اور اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور کارساز

وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ .

اور نہیں کوئی طاقت و قوت مگر وہی جو بلند و برتر خدا سے ملتی ہے

ماہِ رمضان کی فضیلت

إِنَّ أَبْوَابَ السَّمَاءِ تُفَتَّحُ فِي أَوَّلِ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَلَا تُغْلَقُ إِلَى آخِرِ لَيْلَةٍ مِنْهُ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

آسمان کے دروازے ماہِ رمضان کی پہلی رات کھول دیئے جاتے ہیں

اور تا آخری رات تک بند نہیں کرتے۔

ماہِ رمضان کی اہمیت

لَوْ يَعْلَمُ الْعَبْدُ مَا فِي رَمَضَانَ لَوَدَّ أَنْ يَكُونَ رَمَضَانُ السَّنَةَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اگر خدا کا بندہ یہ جان لیتا کہ ماہِ رمضان میں کیا ہے

(کیا برکتیں اور رحمتیں ہیں) تو وہ پورا سال ماہِ رمضان باقی رہنے کی تمنا کرتا۔

امام علی بن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں: ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام اصحاب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: اے لوگوں خدا کی برکت، رحمت اور مغفرت سے بھرپور مہینہ آرہا ہے، یہ ایک ایسا مہینہ ہے جو تمام مہینوں سے بہتر ہے، اس کے دن تمام دنوں سے بہتر اور اس کی راتیں تمام راتوں سے بہتر، اس کے ساعات ولحظات تمام ساعات ولحظات سے افضل ہیں۔

شب قدر مشترک اعمال

۱ غسل کرے

۲ دو رکعت نماز بجالائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سات مرتبہ سورہ توحید پڑھے، بعد از نماز ستر مرتبہ کہے:

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

خدا سے بخشش چاہتا اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

۳ قرآن کریم کو کھول کر اپنے سامنے رکھے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ

اے معبود بے شک سوال کرتا ہوں بواسطہ تیری نازل کردہ کتاب کے

وَمَا فِيْهِ وَفِيْهِ اسْمُكَ الْأَكْبَرُ وَأَسْمَاؤُكَ الْحُسْنٰى

اور جو کچھ اس میں ہے اور اس میں تیرا بزرگ ترنام ہے اور تیرے اچھے نام بھی ہیں

وَمَا يُخَافُ وَيُرْجٰى أَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عُتَقَائِكَ مِنَ النَّارِ

اور وہ جو خوف و امید دلاتا ہے سوالی ہوں کہ مجھے ان میں قرار دے جن کو تو نے آگ سے آزاد کردیا

اس کے بعد جو حاجت چاہے طلب کرے۔

۴ قرآن پاک کو اپنے سر پر رکھے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ أَرْسَلْتَهُ بِهِ،

اے معبود بواسطہ اس قرآن کے اور بواسطہ اس کے جسے تو نے اس کے ساتھ بھیجا

وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَهُ فِيْهِ،

اور بواسطہ ان مومنین کے جن کی تو نے اس میں مدح کی ہے

وَبِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ فَلَا أَحَدَ أَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ.

اور ان پر تیرے حق کا واسطہ پس کوئی نہیں جانتا تیرے حق کو تجھ سے بڑھ کر

دس مرتبہ کہے ☜ بِكَ يَا اَللّٰهُ،

اے اللہ تیرا واسطہ

دس مرتبہ کہے ☜ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ محمدؐ کا واسطہ

دس مرتبہ کہے ☜ بِعَلِيٍّ (علیہ السلام) دس مرتبہ بِفَاطِمَةَ (سلام اللہ علیہا)

دس مرتبہ کہے ☜ بِالْحَسَنِ (علیہ السلام) دس مرتبہ بِالْحُسَيْنِ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِمُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِعَلِيِّ بْنِ مُوسَى (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ (علیہ السلام)

دس مرتبہ کہے ☜ بِالْحُجَّةِ (عَجَّلَ اللّٰهُ تَعَالَى فَرَجَه)

اپنی حاجتیں طلب کرے

5 شب قدر کی راتوں میں یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَمْسَيْتُ لَكَ عَبْدًا دَاخِرًا

معبود بے شک میں نے شام کی اس حال میں کہ تیرا استاں بوس بندہ ہوں

لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا

نہ اپنے نفع کا مالک ہوں نہ اپنے نقصان کا

وَلَا أَصْرِفُ عَنْهَا سُوْءً، أَشْهَدُ بِذٰلِكَ عَلَى نَفْسِي

اور نہ برائی کو اس سے دور کر سکتا ہوں میں اپنے نفس پر خود ہی گواہ ہوں

وَأَعْتَرِفُ لَكَ بِضَعْفِ قُوَّتِي، وَقِلَّةِ حِيلَتِي

اور تیرے سامنے اعتراف کرتا ہوں اپنی بے طاقتی اور بے چارگی و بے بسی کا

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

پس رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّ اَنْجِزْلِىْ مَا وَعَدْتَّنِىْ وَجَمِيْعَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور پورا فرما اپنا وعدہ مغفرت اس رات میں میرے لیے اور تمام مومنین

وَالْمُؤْمِنَاتِ مِنَ الْمَغْفِرَةِ فِىْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ،

و مومنات کے لیے جو تو نے عمومی طور پر کر رکھا ہے

وَاَتْمِمْ عَلَىَّ مَآ اٰتَيْتَنِىْ فَاِنِّىْ عَبْدُكَ الْمِسْكِيْنُ

اور مجھ پر اپنی عطاء ورحمت پوری فرمادے کہ بے شک میں تیرا بے کس

الْمُسْتَكِيْنُ الضَّعِيْفُ الْفَقِيْرُ الْمَهِيْنُ.

ناچار بے طاقت محتاج اور پست ترین بندہ ہوں

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِىْ نَاسِيًا لِّذِكْرِكَ فِيْمَآ اَوْلَيْتَنِىْ،

اے معبود مجھے ایسا نہ بنا کہ تیری عطاؤں کا ذکر نہ کروں

وَلَا غَافِلًا لِّاِحْسَانِكَ فِيْمَآ اَعْطَيْتَنِىْ

تیرے احسانات کو یاد نہ کروں

وَلَآ اٰيِسًا مِّنْ اِجَابَتِكَ وَاِنْ اَبْطَاَتْ عَنِّىْ فِىْ سَرَّآءَ

اور تیری طرف سے قبول دعا کا امیدوار نہ رہوں اگرچہ میں غفلت شعار ہوں خوشی

اَوْ ضَرَّآءَ اَوْ شِدَّةٍ اَوْ رَخَآءٍ اَوْ عَافِيَةٍ اَوْ بَلَاءٍ

وغم میں یا سختی واسودگی میں یا آسانی وتنگی میں

اَوْ بُؤْسٍ اَوْ نَعْمَآءَ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

یا محرومی ونعمت میں بے شک تو دعاء کا سننے والا ہے

۶ شب قدر کی ایک اور دعا

يَا ذَا الَّذِىْ كَانَ قَبْلَ كُلِّ شَىْءٍ ثُمَّ خَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ ثُمَّ يَبْقٰى وَيَفْنٰى كُلُّ شَىْءٍ،

اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا پھر ہر ایک چیز کو پیدا کیا تو وہ جو باقی رہے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی

يَاذَا الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّيَاذَا الَّذِىْ لَيْسَ فِى السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى

تو وہ جس کی مانند کوئی چیز نہیں اے وہ جو نہ بلند آسمانوں میں ہے

وَلَا فِى الْاَرَضِيْنَ السُّفْلٰى وَلَا فَوْقَهُنَّ وَلَا تَحْتَهُنَّ

اور نہ پست ترین زمینوں میں ہے اور نہ ان کے اوپر ہے نہ ان کے نیچے ہے

وَلَا بَيْنَهُنَّ اِلٰهٌ يُّعْبَدُ غَيْرُهٗ،

اور نہ درمیان میں ہے وہ معبود جس کے سوا کوئی معبود نہیں

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا يَقْوٰى عَلٰى اِحْصَائِهٖ اِلَّا اَنْتَ

تیرے لیے حمد ہے وہ حمد کہ کوئی اسے شمار نہ کرسکے سوائے تیرے

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا يَقْوٰى عَلٰى اِحْصَائِهَا اِلَّا اَنْتَ

پس رحمت فرما حضرات محمدؐ و آل محمدؐ پر وہ رحمت کہ کوئی اسے شمار نہ کرسکے سوائے تیرے

شب قدر کی ایک اور دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْمَا تَقْضِىْ وَتُقَدِّرُ

اے معبود ایسا کر کہ تو یقینی امور میں سے جن کی کشودگی اور بندش کا فیصلہ کرے

مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ وَفِيْمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَكِيْمِ

اور جو بھی پر حکمت حصہ و بخرہ مقرر فرمائے

فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَفِى الْقَضَاۤءِ الَّذِىْ لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ

شب قدر میں اور ایسے جو فیصلے کرے جن میں کوئی ردوبدل نہیں ہو پاتا

اَنْ تَكْتُبَنِىْ مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمْ

ان میں مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کے حاجیوں میں لکھ دے کہ جن کا حج مقبول

الْمَشْكُوْرِ سَعْيُهُمْ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمْ الْمُكَفَّرِ عَنْهُمْ سَيِّئَاتُهُمْ

جن کی کوشش پسندیدہ جن کے گناہ بخش دیے گئے اور جن کی برائیاں مٹائی جاچکی ہوں

وَاجْعَلْ فِيْمَا تَقْضِىْ وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِىْ

اور ایسا کر کہ جن چیزوں میں تو نے بست وکشاد کی ہے ان میں میری عمر میں اضافہ

وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ، وَتَفْعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا

اور رزق میں فراخی قرار دے اور میری یہ یہ حاجتیں بر لا۔

(کذا وکذا) کی بجائے اپنی حاجات طلب کرے۔

٨ سو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔

٩ دعائے جوشن کبیر پڑھے۔ (صفحہ 168)

١٠ شب قدر میں زیارتِ امام حسین علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ الصِّدِّيْقَةِ الطَّاهِرَةِ

سلام ہو آپ پر اے فاطمہؑ کے فرزند جو بہت سچی پاکیزہ

فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعَالَمِيْنَ،

فاطمہ سلام اللہ علیہا اور تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے اباعبد اللہ خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ

میں گواہ ہوں کہ آپ نے نماز کو قائم رکھا اور زکوۃ دیتے رہے

وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتَلَوْتَ الْكِتَابَ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے منع کیا آپ نے تلاوت قران کی کہ جو تلاوت کا حق ہے

وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَى الْاَذٰى فِيْ جَنْبِهٖ

آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کیا کہ جو جہاد کا حق ہے اور آپ نے خدا کی خاطر دکھوں پر صبر کیا

مُحْتَسِبًا حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ،

امید اجر میں حتیٰ کہ آپ نے شہادت پائی میں

اَشْهَدُ اَنَّ الَّذِيْنَ خَالَفُوْكَ وَحَارَبُوْكَ وَالَّذِيْنَ خَذَلُوْكَ

گواہ ہوں کہ جنہوں نے آپ کی مخالفت کی اور آپ سے لڑے

وَالَّذِيْنَ قَتَلُوْكَ مَلْعُوْنُوْنَ عَلٰى لِسَانِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اور جنہوں نے آپ کو قتل کیا وہ سب لعنت کیے گئے نبی اُمی کی زبان سے

وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى،

یقیناً وہ ناکام رہا جس نے جھوٹا دعویٰ کیا

لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمْ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

خدا کی لعنت ہو ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم کیا ہے پہلوں اور پچھلوں میں سے

وَضَاعَفَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ

اور دگنا ہو ان پر دردناک عذاب

اَتَيْتُكَ يَا مَوْلَايَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

میں آیا آپ کے ہاں اے میرے مولا اے رسول خدا کے فرزند

زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكَ

زیارت کرنے آپ کا حق پہچانتے ہوئے آپ کے دوستوں سے دوستی

مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكَ مُسْتَبْصِرًا بِالْهُدٰى

آپ کے دشمنوں سے دشمنی رکھتے ہوئے اس راستے کو درست جانتے ہوئے

الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ عَارِفًا بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَكَ

جس پر آپ چلے اسے گمراہ سمجھتے ہوئے جس نے آپ سے مخالفت کی

فَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ رَبِّكَ.

پس اپنے رب کے ہاں میری سفارش کریں۔

زیارت شہزادہ علی اکبر علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَایَ وَابْنَ مَوْلَایَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ،

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اور میرے مولا کے فرزند خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات

وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ظَلَمَكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَكَ

خدا لعنت کرے اسے جس نے آپ پر ظلم کیا اور جس نے آپکو قتل کیا

وَضَاعَفَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ

نیز ان پر دردناک عذاب میں دگنا اضافہ کرے

زیارت شہدائے کربلا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُوْنَ،

سلام ہو تم سب پر اے بہت سچے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الشُّهَدَآءُ الصَّابِرُوْنَ،

سلام ہو تم پر اے شہید و جو بہت صبر کرنے والے ہو

اَشْهَدُ اَنَّكُمْ جَاهَدْتُّمْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَصَبَرْتُمْ عَلَى الْاَذٰى فِیْ جَنْبِ اللّٰهِ

میں گواہ ہوں کہ یقیناً تم نے خدا کی راہ میں جہاد کیا اور خدا کی خاطر دکھ تکلیف پر صبر سے کام لیا

وَنَصَحْتُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ حَتّٰى اَتٰيكُمُ الْيَقِيْنُ،

تم نے خدا اور سول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خلوص برتا حتیٰ کہ تم دنیا سے گزر گئے

اَشْهَدُ اَنَّكُمْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّكُمْ تُرْزَقُوْنَ

میں گواہ ہوں کہ ضرور تم اپنے رب کے ہاں زندہ ہو رزق پاتے ہو

فَجَزَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ اَفْضَلَ جَزَآءِ الْمُحْسِنِيْنَ

پس خدا تمہیں جزا دے اسلام اور اہل اسلام کی طرف سے بہترین جزا جو نیکو کاروں کے لیے ہے

وَجَمَعَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ فِیْ مَحَلِّ النَّعِيْمِ .

اور یکجا کرے ہمیں تمہیں نعمتوں والی جنت کے مکانوں میں

زیارت حضرت عباس علمدار علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَابۡنَ اَمِيۡرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ،

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین علیہ السلام کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيۡكَ اَيُّهَا الۡعَبۡدُ الصَّالِحُ الۡمُطِيۡعُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوۡلِهٖ،

سلام ہو آپ پر اے بندہ خوش کردار خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اطاعت گذار

اَشۡهَدُ اَنَّكَ قَدۡ جَاهَدۡتَ وَنَصَحۡتَ وَصَبَرۡتَ حَتّٰى اَتٰيكَ الۡيَقِيۡنُ؛

میں گواہ ہوں کہ ضرور آپ نے جہاد کیا خیر اندیشی کی اور صبر سے کام لیا حتٰی کہ آپ دنیا سے چل بسے

لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيۡنَ لَكُمۡ مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ وَالۡاٰخِرِيۡنَ

خدا کی لعنت ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم ڈھایا پہلوں اور پچھلوں میں سے

وَاَلۡحَقَهُمۡ بِدَرۡكِ الۡجَحِيۡمِ

اور خدا ان کو جہنم کے نچلے درجے میں پھینکے

شب انیس اور اکیس کے مخصوص اعمال

سو مرتبہ کہے: اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ رَبِّيۡ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ.

بخشش چاہتا ہوں اللہ جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

سو مرتبہ کہے: اَللّٰهُمَّ الۡعَنۡ قَتَلَةَ اَمِيۡرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ

اے معبود لعنت فرما امیر المومنین علی ع کے قاتلوں پر

شب تئیس کے مخصوص اعمال

- سورۃ عنکبوت اور سورۃ الروم پڑھے۔ (سورۃ عنکبوت صفحہ 116) (سورۃ الروم صفحہ 130)

امام صادق آل محمد علیہ السلام نے فرمایا کہ اس رات ان دو سورتوں کا پڑھنے والا اہل جنت میں سے ہے۔

- سورہ دخان (حم) پڑھے۔ (صفحہ 141)
- ایک ہزار مرتبہ سورۃ القدر پڑھے۔
- اس رات خصوصاً دیگر اوقات میں دعائے سلامتی امام زمانؑ پڑھے۔ (صفحہ 240 اور 254)

یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ امْدُدْلِیْ فِیْ عُمْرِیْ، وَاَوْسِعْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ، وَاَصِحَّ لِیْ جِسْمِیْ،

اے اللہ میری عمر میں اضافہ کردے میرے رزق میں وسعت دے میرے بدن کو تندرست رکھ

وَبَلِّغْنِیْٓ اَمَلِیْ وَاِنْ کُنْتُ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ فَامْحُنِیْ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ

اور میری آرزو پوری فرما اور اگر میں بدبختوں میں سے ہوں تو میرا نام بدبختوں میں سے کاٹ دے

وَاکْتُبْنِیْ مِنَ السُّعَدَآءِ، فَاِنَّكَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰی

اور میرا نام خوش بختوں میں لکھ دے کیونکہ تونے اپنی اس کتاب میں فرمایا ہے جو تونے نازل کی

نَبِیِّكَ الْمُرْسَلِ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ

اپنے نبی مرسل پر کہ تیری رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر

یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْکِتَابِ

یعنی خدا جو چاہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہے لکھ دیتا ہے اور اسی کے پاس ہے ام الکتاب

یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ

اے معبود ایسا کر کہ تو یقینی امور میں سے جن کی کشودگی اور بندش کا فیصلہ کرے

وَفِیْمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَکِیْمِ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ وَفِی الْقَضَآءِ الَّذِیْ

اور جو بھی پر حکمت حصہ و بخرہ مقرر فرمائے شب قدر میں اور ایسے جو فیصلے کرے

لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ اَنْ تَکْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِكَ الْحَرَامِ

جن میں کوئی رد و بدل نہیں ہو پاتا ان میں مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کے حاجیوں میں لکھ دے

الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمُ الْمَشْکُوْرِ سَعْیُهُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمُ

کہ جن کا حج مقبول جن کی کوشش پسندیدہ جن کے گناہ بخش دیے گئے

الْمُکَفَّرِ عَنْهُمْ سَیِّئَاتُهُمْ وَاجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ

اور جن کی برائیاں مٹائی جا چکی ہوں اور ایسا کر کہ جن چیزوں میں تونے بست و کشاد کی ہے ان میں میری عمر میں اضافہ

وَتُوَسِّعَ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ، وَتَفْعَلَ بِیْ کَذَا وَکَذَا

اور رزق میں فراخی قرار دے اور میری یہ یہ حاجتیں برلا (کذا و کذا کی بجائے اپنی حاجات طلب کرے)۔

ایک اور دعا جو کتاب اقبال میں ہے

يَا بَاطِنًا فِيْ ظُهُوْرِهٖ، وَيَا ظَاهِرًا فِيْ بُطُوْنِهٖ، وَيَا بَاطِنًا لَّيْسَ يَخْفٰى،

اے جو ظاہر ہو کر بھی باطن میں ہے اور اے جو باطن ہو کر بھی ظاہر ہے اے وہ باطن کہ جو پوشیدہ نہیں

وَيَا ظَاهِرًا لَّيْسَ يُرٰى، يَا مَوْصُوْفًا لَّا يَبْلُغُ بِكَيْنُوْنَتِهٖ مَوْصُوْفٌ

اور اے وہ ظاہر جو نظر نہیں آتا اے وہ وصف کیا گیا کہ توصیف جس کی حقیقت تک نہیں پہنچتی

وَّلَا حَدٌّ مَّحْدُوْدٌ، وَّيَا غَائِبًا غَيْرَ مَفْقُوْدٍ، وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ مَشْهُوْدٍ

اور نہ اس کی حد مقرر کر سکتی ہے اے وہ غائب جو نابود نہیں ہوتا اور اے وہ حاضر جو دکھائی نہیں دیتا

يُّطْلَبُ فَيُصَابُ وَلَمْ يَخْلُ مِنْهُ السَّمَاوَاتُ وَالْاَرْضُ وَمَا بَيْنَهُمَا

جسے ڈھونڈنے والا پالیتا ہے اور اسکے وجود سے خالی نہیں آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

طَرْفَةَ عَيْنٍ لَّا يُدْرَكُ بِكَيْفٍ، وَّلَا يُؤَيَّنُ بِاَيْنٍ وَّلَا بِحَيْثٍ،

جھپکتی آنکھ نہیں پاتی اس کی کیفیت جگہ ہے جہاں وہ ساکن ہو نہ کوئی سمت کہ جدھر وہ ہو

اَنْتَ نُوْرُ النُّوْرِ وَرَبُّ الْاَرْبَابِ، اَحَطْتَّ بِجَمِيْعِ الْاُمُوْرِ،

نہ کوئی تو نور روشن کرنے والا پالنے والوں کا پالنے والا اور تمام امور پر حاوی ہے

سُبْحَانَ مَنْ لَّيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ،

پاک ہے وہ جس کی مانند کوئی چیز نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ هٰكَذَا وَلَا هٰكَذَا غَيْرُهٗ.

پاک ہے وہ جو ایسا ہے اور اس کے سوا کوئی ایسا نہیں ہے

اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے۔

چند مخصوص دعائیں جو صحیفہ کاملہ (رمضان شب اعمال) اور دعائے مکارم الاخلاص میں ہیں

- دعائے توبہ (امام زین العابدین علیہ السلام) پڑھے صفحہ نمبر 147

زیارت وارثؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ اٰدَمَ صِفۡوَۃِ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے آدم علیہ السلام کے وارث جو خدا کے چُنے ہوئے ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ نُوۡحٍ نَبِیِّ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے نوح علیہ السلام کے وارث جو خدا کے نبی ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ اِبۡرَاھِیۡمَ خَلِیۡلِ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے ابراہیم علیہ السلام کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ مُوۡسٰی کَلِیۡمِ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے موسٰی علیہ السلام کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ عِیۡسٰی رُوۡحِ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے عیسٰی علیہ السلام کے وارث جو خدا کی ایک روح ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِیۡبِ اللّٰہِ،

سلام ہو آپ پر اے محمد کے وارث جو خدا کے پیارے ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاوَارِثَ اَمِیۡرِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین علیہ السلام کے وارث وجانشین

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَابۡنَ مُحَمَّدِ نِ الۡمُصۡطَفٰی،

سلام ہو آپ پر اے محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَابۡنَ عَلِیِّ نِ الۡمُرۡتَضٰی،

سلام ہو آپ پر اے علی مرتضٰی علیہ السلام کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَابۡنَ فَاطِمَۃَ الزَّھۡرَآءِ،

سلام ہو آپ پر اے فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَابۡنَ خَدِیۡجَۃَ الۡکُبۡرٰی،

سلام ہو آپ پر اے خدیجۃ الکبریٰ کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاثَارَ اللهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ.

سلام ہو آپ پر اے خدا کے نام پر قربان شدہ اور قربان شدہ کے فرزند اے ناحق بہائے گئے خون

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ

میں گواہ ہوں کہ آپ نے نماز قائم فرمائی اور زکوۃ دیتے رہے

وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ

آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور بُرے کاموں سے منع فرمایا

وَاَطَعْتَ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ،

آپ خدا اور سول کی اطاعت میں رہے یہاں تک کہ آپ شہید ہو گئے

فَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ

خدا کی لعنت اس پر جس نے آپ کو قتل کیا لعنت اس پر جس نے آپ پر ظلم ڈھایا

وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ. يَامَوْلَايَ يَااَبَاعَبْدِ اللهِ

اور خدا کی لعنت اس گروہ پر جس نے یہ واقعہ سنا تو وہ اس پر خوشنود ہوا اے میرے آقا اے ابو عبد اللہ

اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوْرًا فِي الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ

میں گواہ ہوں بے شک آپ وہ نور ہیں جو بلند مرتبہ پشتوں اور پاک و پاکیزہ رحموں میں منتقل ہوتا آیا

لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا

آپ زمانہ جاہلیت کی ناپاکیوں سے آلودہ نہ ہوئے

وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُّدْلَهِمَّاتِ ثِيَابِهَا،

اور اس زمانے کے ناپاک لباسوں میں ملبوس نہ ہوئے

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ وَاَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ دین کے پایوں اور مومنوں کے سہاروں میں سے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ

میں گواہ ہوں کہ آپ وہ امام ہیں جو نیک کردار پرہیز گار پسندیدہ پاکیزہ ہدایت دینے والے اور ہدایت پائے ہوئے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوٰى

میں گواہ ہوں کہ جو امام آپ کی اولاد سے ہوئے ہیں وہ پرہیز گاری کے مظہر

وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا،

ہدایت کے نشان محکم رسی اور دنیاوالوں پر خدا کی دلیل و حجت ہیں

وَاُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلٰٓائِكَتَهٗ وَاَنْبِيَآئَهٗ وَرُسُلَهٗ

میں گواہ کرتا ہوں خدا کو اس کے فرشتوں کو اور اس کے نبیوں اور رسولوں کو

اَنِّىْ بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَّبِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ بِشَرَايِعِ دِيْنِىْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِىْ

کہ میں آپ پر اور آپ کے باپ دادا پر ایمان رکھتا ہوں اپنے دین کے احکام اور اپنے عمل کے انجام پر

وَقَلْبِىْ لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِىْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ،

میرا دل آپ کے دل کے ساتھ ہے اور میرا کام آپ کے کام کی پیروی ہے

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِكُمْ وَعَلٰى اَجْسَادِكُمْ

خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر آپ کی روحوں پر آپ کے پاک وجودوں پر

وَعَلٰى اَجْسَامِكُمْ وَعَلٰى شَاهِدِكُمْ وَعَلٰى غَآئِبِكُمْ

اور رحمت ہو آپ میں سے حاضر پر اور غائب پر رحمت ہو

وَعَلٰى ظَاهِرِكُمْ وَعَلٰى بَاطِنِكُمْ.

آپ کے ظاہر و عیاں اور آپ کے باطن پر۔

زیارت علی اکبر بن الحسین علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ نَبِىِّ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے رسول خدا صلے کے فرزند سلام ہو آپ پر نبی خدا صلے کے فرزند سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ،

آپ پر اے امیر المومنین علیہ السلام کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ،

سلام ہو آپ پر اے فرزند حسین

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الشَّهِيْدُ، وَابْنُ الشَّهِيْدُ

شہید علیہ السلام کے سلام ہو آپ پر کہ آپ شہید ہیں شہید کے فرزند ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمَظْلُومُ وَابْنُ الْمَظْلُومِ،

سلام ہو آپ پر کہ آپ مظلوم اور مظلوم کے فرزند ہیں

لَعَنَ اللهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ

خدا کی لعنت ان پر جنہوں نے آپ کو قتل کیا لعنت ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم کیا

وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ .

خدا کی لعنت ان پر جنہوں نے یہ واقعہ سنا تو اس پر خوشنود ہوئے۔

زیارت شہدائے کربلا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَوْلِيَاءَ اللهِ وَاَحِبَّائَهٗ،

سلام ہو تم پر اے دوستان خدا اور اس کے پیارو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَصْفِيَاءَ اللهِ وَاَوِدَّائَهٗ،

سلام ہو تم پر خدا کے پسندیدگان اور اس کے دوستدارو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ دِيْنِ اللهِ،

سلام ہو تم پر اے دین خدا کی مدد کرنے والو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ رَسُوْلِ اللهِ،

سلام ہو تم پر اے رسول خدا ﷺ کی نصرت کرنے والو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ،

سلام ہو تم پر اے امیر المومنین علیہ السلام کی امداد کرنے والو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ،

سلام ہو تم پر اے فاطمہ سلام اللہ علیہا کی حمایت کرنے والو جو تمام عورتوں کی سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَبِيْ مُحَمَّدِ

سلام ہو تم پر اے ابو محمد کے مددگارو

نِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ الْوَلِيِّ الزَّكِيِّ النَّاصِحِ،

حسن جو علی علیہ السلام کے فرزند ہیں کہ جو خدا کے ولی اور نصیحت کرنے والے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَنْصَارَ اَبِیْ عَبْدِ اللهِ، بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَاُمِّیْ

سلام ہو تم پر اے ابو عبد اللہ حسین کے ناصران میرے ماں باپ تم پر قربان

طِبْتُمْ وَطَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِیْ اَنْتُمْ فِیْهَا دُفِنْتُمْ وَفُزْتُمْ فَوْزًا عَظِیْمًا

تم پاکیزہ ہو اور وہ زمین بھی پاک ہے جس میں تم مدفون ہو تم نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی

فَیَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَکُمْ فَاَفُوْزَ مَعَکُمْ.

اے کاش کہ میں بھی تمہارے ساتھ ہوتا تو یہ کامیابی حاصل کرتا۔

زیارت حضرت عباس علمدار علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا الْفَضْلِ الْعَبَّاسَ بْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

سلام ہو آپ پر اے ابا الفضل عباس فرزند امیر المومنین ع،

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ،

سلام ہو آپ پر اے سید اوصیاء کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ اَوَّلِ الْقَوْمِ اِسْلَامًا وَّاَقْدَمِهِمْ اِیْمَانًا

سلام ہو آپ پر اے اس کے فرزند جو لوگوں میں پہلا مسلمان ایمان میں ان سے قدیم

وَّاَقْوَمِهِمْ بِدِیْنِ اللهِ وَاَحْوَطِهِمْ عَلَی الْاِسْلَامِ،

خدا کے دین پر ان محکم تر اور ان سے زیادہ اسلام کی حفاظت کرنے والا تھا

اَشْهَدُ لَقَدْ نَصَحْتَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وَلِاَخِیْکَ فَنِعْمَ الْاَخُ الْمُوَاسِیْ،

میں گواہ ہوں کہ آپ نے خیر خواہی کی خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کی، اور اپنے بھائی کی، تو آپ کیا ہی فدا کار بھائی ہیں

فَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً قَتَلَتْکَ وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً ظَلَمَتْکَ

پس خدا کی لعنت آپ کو قتل کرنے والوں پر خدا کی لعنت آپ پر ظلم کرنے والوں پر

وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً اِسْتَحَلَّتْ مِنْکَ الْمَحَارِمَ

اور خدا کی لعنت آپ کی حرمتوں کو ضائع کرنے والوں پر

وَانْتَهَکَتْ فِیْ قَتْلِکَ حُرْمَةَ الْاِسْلَامِ،

اور لعنت ہو آپ کے قتل میں اسلام کی بے حرمتی کرنے والوں پر

فَنِعْمَ الْاَخُ الصَّابِرُ الْمُجَاهِدُ الْمُحَامِي النَّاصِرُ وَالْاَخُ الدَّافِعُ عَنْ اَخِيْهِ

پس وہ اچھے بھائی ہیں صابر مجاھد حمایت کرنے والے نصرت کرنے والے اور وہ بھائی ہیں اپنے بھائی کے لیے لڑنے والے

الْمُجِيْبُ اِلٰى طَاعَةِ رَبِّهٖ الرَّاغِبُ فِيْمَا زَهِدَ فِيْهِ غَيْرُهٗ

خدا کی اطاعت میں حاضر ہونے والے اس چیز کی طرف بڑھنے والے جس سے دوسروں نے منہ موڑا

مِنَ الثَّوَابِ الْجَزِيْلِ وَالثَّنَآءِ الْجَمِيْلِ وَاَلْحَقَكَ اللّٰهُ بِدَرَجَةِ اٰبَآئِكَ

وہ ہے بہت بڑا ثواب اور بہترین تعریف پس خدا آپ کو اپنے بزرگوں کے مقام پر پہنچائے

فِيْ دَارِ النَّعِيْمِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ .

نعمتوں بھری جنت میں کہ وہ ہے تعریف والا بزرگی والا

دعا بعد زیارت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ لَكَ تَعَرَّضْتُ وَلِزِيَارَةِ اَوْلِيَآئِكَ قَصَدْتُّ

اے معبود تیرے سامنے حاضر ہوا ہوں تیرے پیاروں کی زیارت کے لیے چل کے

رَغْبَةً فِيْ ثَوَابِكَ وَرَجَآءً لِّمَغْفِرَتِكَ وَجَزِيْلِ اِحْسَانِكَ ،

ایا ہوں تیری طرف سے ثواب کی خواہش میں تیری طرف سے پردہ پوشی کی آرزو اور تیری مہربانی کی امید میں

فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

پس سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاَنْ تَجْعَلَ رِزْقِيْ بِهِمْ دَآرًّا وَّعَيْشِيْ بِهِمْ قَآرًّا

اور بوسیلہ ان کے قرار دے میرے رزق کو بڑھنے والا میری زندگی کو پر سکون

وَّزِيَارَتِيْ بِهِمْ مَقْبُوْلَةً وَّذَنْبِيْ بِهِمْ مَغْفُوْرًا ،

میری زیارت کو مقبول اور میرے گناہوں کو معاف شدہ قرار دے

وَّاَقْلِبْنِيْ بِهِمْ مُفْلِحًا مُّنْجِحًا مُّسْتَجَابًا دُعَآئِيْ

اور بواسطہ ان کے لوٹا مجھے نفع یاب پاک دل قبول دعا کے ساتھ

بِاَفْضَلِ مَا يَنْقَلِبُ بِهٖ اَحَدٌ مِّنْ زُوَّارِهٖ

کہ جس بہترین صورت میں کسی کو لوٹا تو نے ان کے زائروں

وَالْقَاصِدِيْنَ اِلَيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ .

اور اللہ کی طرف آنے والوں میں سے اپنی رحمت کے ساتھ سب سے زیادہ رحم کرنے والے

زیارت امین اللہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللهِ فِيْ اَرْضِهٖ وَحُجَّتَهٗ عَلٰى عِبَادِهٖ،

سلام ہو آپ پر اے خدا کی زمین میں اس کے امین ور اس کے بندوں پر اس کی حجت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ،

سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے سردار

اَشْهَدُ اَنَّكَ جَاهَدْتَّ فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَعَمِلْتَ بِكِتَابِهٖ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی راہ میں حق جہاد ادا کیا اس کی کتاب پر عمل کیا

وَاتَّبَعْتَ سُنَنَ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ حَتّٰى دَعَاكَ اللهُ اِلٰى جِوَارِهٖ

اور اس کے نبی کی سنتوں کی پیروی کی خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر پھر خدا نے آپ کو اپنے پاس بلا لیا

فَقَبَضَكَ اِلَيْهِ بِاخْتِيَارِهٖ وَاَلْزَمَ اَعْدَآئَكَ الْحُجَّةَ

اپنے اختیار سے آپ کی جان قبض کرلی اور آپ کے دشمنوں پر حجت قائم کی

مَعَ مَالَكَ مِنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَةِ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ،

جبکہ تمام مخلوق کے لیے آپ کے وجود میں بہت سی کامل حجتیں ہیں

اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ نَفْسِيْ مُطْمَئِنَّةً بِقَدَرِكَ رَاضِيَةً بِقَضَآئِكَ

اے اللہ: میرے نفس کو ایسا بنا کہ تیری تقدیر پر مطمئن ہو تیرے فیصلے پر راضی و خوش رہے

مُوْلَعَةً بِذِكْرِكَ وَدُعَآئِكَ مُحِبَّةً لِّصَفْوَةِ اَوْلِيَآئِكَ

تیرے ذکر کا مشتاق اور دعا میں حریص ہو تیرے برگزیدہ دوستوں سے محبت کرنے والا

مَحْبُوْبَةً فِيْ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ صَابِرَةً عَلٰى نُزُوْلِ بَلَآئِكَ

تیری زمین و آسمان میں محبوب و منظور ہو تیری طرف سے مصائب کی آمد پر صبر کرنے والا ہو

شَاكِرَةً لِّفَوَاضِلِ نَعْمَآئِكَ ذَاكِرَةً لِّسَوَابِغِ اٰلَآئِكَ

تیری بہترین نعمتوں پر شکر کرنے والا تیری کثیر مہربانیوں کو یاد کرنے والا ہو

مُشْتَاقَةً اِلٰى فَرْحَةِ لِقَآئِكَ مُتَزَوِّدَةً ن التَّقْوٰى لِيَوْمِ جَزَآئِكَ

تیری ملاقات کی خوشی کا خواہاں جزاء کے لیے تقویٰ کو زادراہ بنانے والا ہو

مُسْتَنَّةً بِسُنَنِ اَوْلِيَآئِكَ مُفَارِقَةً لِاَخْلَاقِ اَعْدَآئِكَ

یوم تیرے دوستوں کے نقش قدم پر چلنے والا دشمنوں کے طور طریقوں سے دور

مَشْغُوْلَةً عَنِ الدُّنْيَا بِحَمْدِكَ وَثَنَآئِكَ

تیرے اور دنیا سے بچ بچا کر تیری حمد وثناء میں مشغول رہنے والا ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَ الْمُخْبِتِيْنَ اِلَيْكَ وَالِهَةٌ

اے معبود: بے شک ڈرنے والوں کے دل تیرے لیے بے تاب ہیں

وَسُبُلَ الرَّاغِبِيْنَ اِلَيْكَ شَارِعَةٌ وَّاَعْلَامَ الْقَاصِدِيْنَ اِلَيْكَ وَاضِحَةٌ

شوق رکھنے والوں کے لیے راستے کھلے ہوئے تیری طرف بڑھنے والوں کے جھنڈے بہت اونچے ہیں

وَاَفْئِدَةَ الْعَارِفِيْنَ مِنْكَ فَازِعَةٌ وَّاَصْوَاتَ الدَّاعِيْنَ اِلَيْكَ صَاعِدَةٌ

معرفت رکھنے والوں کے دل تجھ سے کانپتے ہیں تیری بارگاہ میں دعا کرنے والوں کی آوازیں بہت بلند ہیں

وَاَبْوَابَ الْاِجَابَةِ لَهُمْ مُفَتَّحَةٌ وَّدَعْوَةَ مَنْ نَاجَاكَ مُسْتَجَابَةٌ

اور ان کے لیے قبول دعا کے دروازے کھلے ہیں تجھ سے راز ونیاز کرنے والوں کی دعا قبول ہوتی ہے

وَتَوْبَةَ مَنْ اَنَابَ اِلَيْكَ مَقْبُوْلَةٌ وَّعَبْرَةَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَوْفِكَ مَرْحُوْمَةٌ

جو تیری طرف پلٹ آئے اس کی توبہ مقبول ومنظور ہے تیرے خوف میں رونے والے کے آنسوؤں پر رحمت ہوتی ہے

وَالْاِغَاثَةَ لِمَنِ اسْتَغَاثَ بِكَ مَوْجُوْدَةٌ

جو تجھ سے فریاد کرے اس کے لیے دادرسی موجود ہے

وَالْاِعَانَةَ لِمَنِ اسْتَعَانَ بِكَ مَبْذُوْلَةٌ

جو تجھ سے مدد طلب کرے اس کو مدد ملتی ہے

وَعِدَاتِكَ لِعِبَادِكَ مُنْجَزَةٌ وَّزَلَلَ مَنِ اسْتَقَالَكَ مُقَالَةٌ

اپنے بندوں سے کیے گئے تیرے وعدے پورے ہوتے ہیں تیرے ہاں عذرخواہوں کی خطائیں معاف

وَاَعْمَالَ الْعَامِلِيْنَ لَدَيْكَ مَحْفُوْظَةٌ

اور عمل کرنے والوں کے اعمال تیرے حضور محفوظ ہوتے ہیں

وَاَرْزَاقَكَ اِلَى الْخَلَآئِقِ مِنْ لَّدُنْكَ نَازِلَةٌ

مخلوقات کے رزق وروزیاں تیری جناب سے ہی آتی ہیں

وَعَوَائِدَ الْمَزِيدِ إِلَيْهِمْ وَاصِلَةٌ وَذُنُوبَ الْمُسْتَغْفِرِينَ مَغْفُورَةٌ

اور ان کو مزید عطایئں حاصل ہوتی ہیں طالبان بخشش کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں

وَحَوَائِجَ خَلْقِكَ عِنْدَكَ مَقْضِيَّةٌ وَجَوَائِزَ السَّائِلِينَ عِنْدَكَ مُوَفَّرَةٌ

ساری مخلوق کی حاجتیں تیرے ہاں سے پوری ہوتی ہیں تجھ سے سوال کرنے والوں کو بہت زیادہ ملتا ہے

وَعَوَائِدَ الْمَزِيدِ مُتَوَاتِرَةٌ وَمَوَائِدَ الْمُسْتَطْعِمِينَ مُعَدَّةٌ

اور پے در پے عطائیں ہوتی ہیں کھانے والوں کے لیے دستر خواں تیار ہے

وَمَنَاهِلَ الظِّمَاءِ مُتْرَعَةٌ اَللّٰهُمَّ فَاسْتَجِبْ دُعَائِي وَاقْبَلْ ثَنَائِي

اور پیاسوں کی خاطر چشمے بھرے ہوئے ہیں اے معبود: میری دعائیں قبول کرلے اس ثنا کو پسند فرما

وَاجْمَعْ بَيْنِي وَبَيْنَ أَوْلِيَائِي

مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ کر دے

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

کہ واسطہ دیتاہوں محمد و علی وفاطمہ وحسن وحسین کا

إِنَّكَ وَلِيُّ نَعْمَائِي وَمُنْتَهٰى مُنَايَ وَغَايَةُ رَجَائِي فِي مُنْقَلَبِي وَمَثْوَايَ

بے شک تو مجھے نعمتیں دینے والا میری آرزوؤں کی انتہا میری امیدوں کا مرکز ہے سفر اور حضر میں

کامل الزیارات میں اس کے بعد یہ فقرات بھی ہیں

أَنْتَ إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ اغْفِرْ لِأَوْلِيَائِنَا وَكُفَّ عَنَّا أَعْدَائَنَا

تو میرا معبود میرا آقا اور میرا مالک ہے ہمارے دوستوں کو معاف فرما دشمنوں کو ہم سے دور کر

وَاشْغَلْهُمْ عَنْ أَذَانَا وَأَظْهِرْ كَلِمَةَ الْحَقِّ

ان کو ہمیں ایذا دینے سے باز رکھ کلمہء حق کو ظہور میں لا

وَاجْعَلْهَا الْعُلْيَا وَأَدْحِضْ كَلِمَةَ الْبَاطِلِ وَاجْعَلْهَا السُّفْلٰى

اور اسے بلند قرار دے کلمہء باطل کو دبا دے اور اس کو پست قرار دے کہ

إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا

الٓمّٓ کیا لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ صرف اس بات پر چھوڑ دیئے جائیں گے

اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَ ھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾

کہ وہ یہ کہہ دیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور ان کا امتحان نہیں ہو گا

وَ لَقَدْ فَتَنَّا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ فَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ

بیشک ہم نے ان سے پہلے والوں کا بھی امتحان لیا ہے اور اللہ تو بہر حال یہ جاننا چاہتا ہے

الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَ لَیَعْلَمَنَّ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۳﴾

کہ ان میں کون لوگ سچے ہیں اور کون جھوٹے ہیں

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا یَحْکُمُوْنَ ﴿۴﴾

کیا برائی کرنے والوں کا خیال یہ ہے کہ ہم سے آگے نکل جائیں گے یہ بہت غلط فیصلہ کر رہے ہیں

مَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰہِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰہِ لَاٰتٍ ؕ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۵﴾

جو بھی اللہ کی ملاقات کی امید رکھتا ہے اسے معلوم رہے کہ وہ مدّت یقیناً آنے والی ہے اور وہ خدا سمیع بھی اور علیم بھی ہے

وَ مَنْ جَاھَدَ فَاِنَّمَا یُجَاھِدُ لِنَفْسِہٖ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶﴾

اور جس نے بھی جہاد کیا ہے اس نے اپنے لئے جہاد کیا ہے اور اللہ تو سارے عالمین سے بے نیاز ہے

وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُکَفِّرَنَّ عَنْھُمْ سَیِّاٰتِھِمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہم یقیناً ان کے گناہوں کی پردہ پوشی کریں گے

وَ لَنَجْزِیَنَّھُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾

اور انہیں ان کے اعمال کی بہترین جزا عطا کریں گے

وَ وَصَّيۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَيۡهِ حُسۡنًا ؕ

اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرنے کی نصیحت کی ہے

وَ اِنۡ جَاهَدٰكَ لِتُشۡرِكَ بِىۡ مَا لَيۡسَ لَكَ بِهٖ عِلۡمٌ

اور بتایا ہے کہ اگر وہ کسی ایسی شے کو میرا شریک بنانے پر مجبور کریں جسکا تمہیں علم نہیں تو خبردار ان کی اطاعت نہ کرنا

فَلَا تُطِعۡهُمَا ؕ اِلَىَّ مَرۡجِعُكُمۡ فَاُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸﴾

کہ تم سب کی بازگشت میری ہی طرف ہے پھر میں بتاؤں گا کہ تم لوگ کیا کر رہے تھے

وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدۡخِلَنَّهُمۡ فِى الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۹﴾

اور جن لوگوں نے ایمان اختیار کیا اور نیک اعمال کئے ہم یقیناً انہیں نیک بندوں میں شامل کرلیں گے

وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّقُوۡلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوۡذِىَ فِى اللّٰهِ جَعَلَ فِتۡنَةَ النَّاسِ

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اسکے بعد جب راہ خدا میں کوئی تکلیف ہوئی تو لوگوں کے فتنہ

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنۡ جَآءَ نَصۡرٌ مِّنۡ رَّبِّكَ لَيَقُوۡلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمۡ ؕ

کو عذابِ خدا جیسا قرار دے دیا حالانکہ آپکے پروردگار کیطرف سے کوئی مدد آجاتی تو فوراً کہہ دیتے کہ ہم تو آپ ہی کے ساتھ تھے

اَوَ لَيۡسَ اللّٰهُ بِاَعۡلَمَ بِمَا فِىۡ صُدُوۡرِ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۰﴾

تو کیا خدا ان باتوں سے باخبر نہیں ہے جو عالمین کے دلوں میں ہیں

وَ لَيَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ لَيَعۡلَمَنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ ﴿۱۱﴾

اور وہ یقیناً انہیں بھی جاننا چاہتا ہے جو صاحبانِ ایمان ہیں اور انہیں بھی جاننا چاہتا ہے جو منافق ہیں

وَ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوۡا سَبِيۡلَنَا وَ لۡنَحۡمِلۡ خَطٰيٰكُمۡ ؕ

اور یہ کفار ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے راستہ کا اتباع کرلو ہم تمہارے گناہوں کے ذمہ دار ہیں

وَ مَا هُمۡ بِحٰمِلِيۡنَ مِنۡ خَطٰيٰهُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ ؕ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۲﴾

حالانکہ وہ کسی کے گناہوں کا بوجھ اٹھانے والے نہیں ہیں اور سراسر جھوٹے ہیں

وَلَيَحۡمِلُنَّ اَثۡقَالَهُمۡ وَاَثۡقَالًا مَّعَ اَثۡقَالِهِمۡ ۫

اور انہیں ایک دن اپنا بوجھ بھی اٹھانا ہی پڑے گا اور اس کے ساتھ ان لوگوں کا بھی

وَلَيُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۱۳﴾

اور روز قیامت ان سے ان باتوں کے بارے میں سوال بھی کیا جائے گا جن کا یہ افترا کیا کرتے تھے

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰى قَوۡمِهٖ فَلَبِثَ فِيۡهِمۡ اَلۡفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمۡسِيۡنَ عَامًا ؕ

اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا اور وہ ان کے درمیان پچاس سال کم ایک ہزار سال رہے

فَاَخَذَهُمُ الطُّوۡفَانُ وَهُمۡ ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۴﴾

پھر قوم کو طوفان نے اپنی گرفت میں لے لیا کہ وہ لوگ ظالم تھے

فَاَنۡجَيۡنٰهُ وَاَصۡحٰبَ السَّفِيۡنَةِ وَجَعَلۡنٰهَاۤ اٰيَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۵﴾

پھر ہم نے نوحؑ کو اور ان کے ساتھ کشتی والوں کو نجات دے دی اور اسے عالمین کے لئے ایک نشانی قرار دے دیا

وَاِبۡرٰهِيۡمَ اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوۡهُ ؕ

اور ابراہیم کو یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو

ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۶﴾

کہ اسی میں تمہارے لئے بہتری ہے اگر تم کچھ جانتے ہو

اِنَّمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡثَانًا وَّتَخۡلُقُوۡنَ اِفۡكًا ؕ

تم خدا کو چھوڑ کر صرف بتوں کی پرستش کرتے ہو اور اپنے پاس سے جھوٹ گڑھتے ہو

اِنَّ الَّذِيۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَا يَمۡلِكُوۡنَ لَـكُمۡ رِزۡقًا

یاد رکھو کہ خدا کے علاوہ جن کی بھی پرستش کرتے ہو وہ تمہارے رزق کے مالک نہیں ہیں

فَابۡتَغُوۡا عِنۡدَ اللّٰهِ الرِّزۡقَ

رزق خدا کے پاس تلاش کرو

وَ اعۡبُدُوۡہُ وَ اشۡکُرُوۡا لَہٗ ؕ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۷﴾

اور اسی کی عبادت کرو اسی کا شکریہ ادا کرو کہ تم سب اسی کی بارگاہ میں واپس لے جائے جاؤ گے

وَ اِنۡ تُکَذِّبُوۡا فَقَدۡ کَذَّبَ اُمَمٌ مِّنۡ قَبۡلِکُمۡ ؕ

اور اگر تم تکذیب کرو گے تو تم سے پہلے بہت سی قومیں یہ کام کر چکی ہیں

وَ مَا عَلَی الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ ﴿۱۸﴾

اور رسول کی ذمہ داری تو صرف واضح طور پر پیغام کا پہنچا دینا ہے

اَوَ لَمۡ یَرَوۡا کَیۡفَ یُبۡدِئُ اللّٰہُ الۡخَلۡقَ ثُمَّ یُعِیۡدُہٗ ؕ

کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ خدا کس طرح مخلوقات کو ایجاد کرتا ہے اور پھر دوبارہ واپس لے جاتا ہے

اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیۡرٌ ﴿۱۹﴾

یہ سب اللہ کے لئے بہت آسان ہے

قُلۡ سِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَانۡظُرُوۡا

آپ کہہ دیجئے کہ تم لوگ زمین میں سیر کرو اور دیکھو

کَیۡفَ بَدَاَ الۡخَلۡقَ ثُمَّ اللّٰہُ یُنۡشِئُ النَّشۡاَۃَ الۡاٰخِرَۃَ ؕ

کہ خدا نے کس طرح خلقت کا آغاز کیا ہے اس کے بعد وہی آخرت میں دوبارہ ایجاد کرے گا

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿ۚ۲۰﴾

بیشک وہی ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے

یُعَذِّبُ مَنۡ یَّشَآءُ وَ یَرۡحَمُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَ اِلَیۡہِ تُقۡلَبُوۡنَ ﴿۲۱﴾

وہ جس پر چاہتا ہے عذاب کرتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم کرتا ہے اور تم سب اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے

وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ ۫

اور تم زمین یا آسمان میں اسے عاجز کرسکنے والے نہیں ہو

وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾

اور اس کے علاوہ تمہارا کوئی سر پرست یا مدد گار بھی نہیں ہے

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ لِقَآئِهٖۤ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ

اور جو لوگ خدا کی نشانیوں اور اس کی ملاقات کا انکار کرتے ہیں وہ میری رحمت سے مایوس ہیں

وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ

تو ان کی قوم کا جواب اس کے علاوہ کچھ نہ تھا کہ انہیں قتل کر دو

اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ

یا آگ میں جلا دو تو پروردگار نے انہیں اس آگ سے نجات دلا دی

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

بیشک اس میں بھی صاحبان ایمان کے لئے بہت سی نشانیاں پائی جاتی ہیں

وَ قَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اور ابراہیم نے کہا کہ تم نے صرف زندگانی دنیا کی محبتوں کو برقرار رکھنے کے لئے خدا کو چھوڑ کر بتوں کو اختیار کر لیا ہے

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّ يَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫

اس کے بعد روز قیامت تم میں سے ہر ایک دوسرے کا انکار کرے گا اور ایک دوسرے پر لعنت کرے گا

وَّ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

جب کہ تم سب کا انجام جہنّم ہو گا اور تمہارا کوئی مدد گار نہ ہو گا

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَ قَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ؕ

پھر لوط ابراہیم پر ایمان لے آئے اور انہوں نے کہا کہ میں اپنے رب کی طرف ہجرت کر رہا ہوں

اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۲۶﴾

کہ وہی صاحب عزّت و صاحب حکمت ہے

وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ جَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ الْکِتٰبَ

اور ہم نے انہیں اسحاق اور یعقوب جیسی اولاد عطا کی اور پھر ان کی ذریت میں کتاب اور نبوت قرار دی

وَ اٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ

اور انہیں دنیا میں بھی ان کا اجر عطا کیا

وَ اِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾

اور آخرت میں بھی ان کا شمار نیک کردار لوگوں میں ہو گا

وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫

اور پھر لوط کو یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ ایسی بدکاری کر رہے ہو

مَا سَبَقَکُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۸﴾

جو سارے عالم میں تم سے پہلے کبھی کسی نے بھی نہیں کی ہے

اَئِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَ تَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ ۙ۬

تم لوگ مردوں سے جنسی تعلّقات پیدا کر رہے ہو اور راستے قطع کر رہے ہو

وَ تَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْکُمُ الْمُنْکَرَ ؕ

اور اپنی محفلوں میں برائیوں کو انجام دے رہے ہو

فَمَا کَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ

تو ان کی قوم کے پاس اس کے علاوہ کوئی جواب نہ تھا

اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۹﴾

کہ اگر تم صادقین میں سے ہو تو وہ عذاب الٰہی لے آؤ جس کی خبر دے رہے ہو

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾

تو لوط نے کہا پروردگار تو اس فساد پھیلانے والی قوم کے مقابلہ میں میری مدد فرما

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی ۙ

اور جب ہمارے نمائندہ فرشتے ابراہیم کے پاس بشارت لے کر آئے

قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِیْنَ ﴿۳۱﴾

اور انہوں نے یہ خبر سنائی کہ ہم اس بستی والوں کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں کہ اس بستی کے لوگ بڑے ظالم ہیں

قَالَ اِنَّ فِیْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِیْهَا ۫

تو ابراہیم نے کہا کہ اس میں تو لوط بھی ہیں - انہوں نے جواب دیا کہ ہم سب سے باخبر ہیں

لَنُنَجِّیَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۳۲﴾

ہم انہیں اور ان کے گھر والوں کو نجات دے دیں گے علاوہ ان کی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

پھر جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے تو وہ پریشان ہوگئے اور ان کی مہمانی کی طرف سے دل تنگ ہونے لگے

وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫

ان لوگوں نے کہا کہ آپ ڈریں نہیں اور پریشان نہ ہوں

اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَ اَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۳۳﴾

ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچالیں گے صرف آپ کی زوجہ کو نہیں کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہوگئی ہے

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓی اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا یَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾

ہم اس بستی پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں کہ یہ لوگ بڑی بدکاری کر رہے ہیں

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰیَةًۢ بَیِّنَةً لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور ہم نے اس بستی میں سے صاحبانِ عقل و ہوش کے لئے کھلی ہوئی نشانی باقی رکھی ہے

وَ اِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ ارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ

تو انہوں نے کہا کہ لوگو اللہ کی عبادت کرو اور روزِ آخرت سے امیدیں وابستہ کرو

وَ لَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾

اور خبردار زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو

فَكَذَّبُوْهُ

تو ان لوگوں نے انہیں جھٹلا دیا

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

اور نتیجہ میں انہیں ایک زلزلے نے اپنی گرفت میں لے لیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے زانو کے بل پڑے رہے

وَ عَادًا وَّ ثَمُوْدَا۟ وَ قَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۚ

اور عاد و ثمود کو یاد کرو کہ تم لوگوں کے لئے ان کے گھر بھی سر راہ واضح ہو چکے ہیں

وَ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ ۙ

اور شیطان نے انکے لئے ان کے اعمال کو آراستہ کر دیا تھا اور انہیں راستہ سے روک دیا تھا حالانکہ وہ لوگ بہت ہوشیار تھے

وَ قَارُوْنَ وَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ ۚ

اور قارون و فرعون وہامان کو بھی یاد دلاؤ

وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ

جن کے پاس موسٰی کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے تو ان لوگوں نے زمین میں استکبار سے کام لیا

وَ مَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ ۚۖ

حالانکہ وہ ہم سے آگے جانے والے نہیں تھے

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ

پھر ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ میں گرفتار کرلیا کسی پر آسمان سے پتھروں کی بارش کردی

وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ

کسی کو ایک آسمانی چیخ نے پکڑلیا

وَ مِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ

اور کسی کو زمین میں دھنسادیا اور کسی کو پانی میں غرق کردیا

وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾

اور اللہ کسی پر ظلم کرنے والا نہیں ہے بلکہ یہ لوگ خود اپنے نفس پر ظلم کررہے ہیں

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚۖ

اور جن لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر دوسرے سرپرست بنالئے ہیں ان کی مثال مکڑی جیسی ہے

اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ

کہ اس نے گھر تو بنالیا

وَ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

لیکن سب سے کمزور گھر مکڑی کا گھر ہوتا ہے اگر ان لوگوں کے پاس علم وادراک ہو

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾

بیشک اللہ خوب جانتا ہے کہ اسے چھوڑ کر یہ لوگ کسے پکار رہے ہیں اور وہ بڑی عزّت والا اور صاحبِ حکمت ہے

وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَ مَا يَعْقِلُهَاۤ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور یہ مثالیں ہم تمام عالمِ انسانیت کے لئے بیان کررہے ہیں لیکن انہیں صاحبانِ علم کے علاوہ کوئی نہیں سمجھ سکتا ہے

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

اللہ نے آسمان اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس میں صاحبانِ ایمان کے لئے اس کی قدرت کی نشانی پائی جاتی ہے

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ

آپ جس کتاب کی آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اسے پڑھ کر سنائیں اور نماز قائم کریں

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ

کہ نماز ہر برائی اور بدکاری سے روکنے والی ہے

وَ لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾

اور اللہ کا ذکر بہت بڑی شے ہے اور اللہ تمہارے کاروبار سے خوب باخبر ہے

وَ لَا تُجَادِلُوْۤا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۗۖ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

اے نعمت دینے والے اے اللہ اے راست اے اللہ اے آشکار کرنے والے اے اللہ اے پاکیزہ اے اللہ

یَامُحْسِنُ یَا اَللّٰہُ یَامُجْمِلُ یَا اَللّٰہُ یَامُبْدِئُ یَا اَللّٰہُ ، یَامُعِیْدُ یَا اَللّٰہُ

اے محسن اے اللہ اے نیکی کرنے والے اے اللہ اے آغاز کرنے والے اے اللہ اے لوٹانے والے اے اللہ

یَابَارِئُ یَا اَللّٰہُ ، یَابَدِیْعُ یَا اَللّٰہُ ، یَاھَادِیْ یَا اَللّٰہُ ، یَاکَافِیْ یَا اَللّٰہُ ،

اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے نیا کام کرنے والے اے اللہ اے رہنما اے اللہ اے پورا کرنے والے اے اللہ

یَاشَافِیْ یَا اَللّٰہُ ، یَاعَلِیُّ یَا اَللّٰہُ ، یَاعَظِیْمُ یَا اَللّٰہُ ، یَاحَنَّانُ یَا اَللّٰہُ ،

اے شفا دینے والے اے اللہ اے بلند مرتبہ اے اللہ اے بڑائی والے اے اللہ اے محبت والے اے اللہ

یَامَنَّانُ یَا اَللّٰہُ یَاذَاالطَّوْلِ یَا اَللّٰہُ ، یَامُتَعَالِیْ یَا اَللّٰہُ ، یَاعَدْلُ یَا اَللّٰہُ

احسان کرنے والے اے اللہ اے نعمت والے اے اللہ اے بلندی والے اے اللہ اے عدل کرنے والے اے اللہ

یَاذَاالْمَعَارِجِ یَا اَللّٰہُ یَاصَادِقُ یَا اَللّٰہُ یَاصَدُوْقُ یَا اَللّٰہُ یَادَیَّانُ یَا اَللّٰہُ

اے بلندیوں والے اے اللہ اے راست گو اے اللہ اے بہت راست گو اے اللہ اے بدلہ دینے والے اے اللہ

يَا بَاقِيُ يَا اَللّٰهُ يَا وَاقِيُ يَا اَللّٰهُ يَا ذَا الْجَلَالِ يَا اَللّٰهُ، يَا ذَا الْاِكْرَامِ يَا اَللّٰهُ

اے بقا والے اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے جلالت والے اے اللہ اے عزت والے اے اللہ

يَا مَحْمُوْدُ يَا اَللّٰهُ، يَا مَعْبُوْدُ يَا اَللّٰهُ، يَا صَانِعُ يَا اَللّٰهُ، يَا مُعِيْنُ يَا اَللّٰهُ

اے پسندیدہ اے اللہ اے بندگی کیے گئے اے اللہ اے بنانے والے اے اللہ اے مدد کرنے والے اے اللہ

يَا مُكَوِّنُ يَا اَللّٰهُ، يَا فَعَّالُ يَا اَللّٰهُ، يَا لَطِيْفُ يَا اَللّٰهُ، يَا غَفُوْرُ يَا اَللّٰهُ،

اے وجود دینے والے یااللہ اے کام کرنے والے یااللہ اے باریک بین یااللہ اے بہت معاف کرنے والے یااللہ

يَا شَكُوْرُ يَا اَللّٰهُ، يَا نُوْرُ يَا اَللّٰهُ، يَا قَدِيْرُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ،

اے قدر دان اے اللہ اے روشن اے اللہ اے قدرت والے اے اللہ اے پروردگار اے اللہ

يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ،

اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ

يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ،

اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ

يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَبَّاهُ يَا اَللّٰهُ،

اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت نازل فرما محمد صلے و آل محمد پر

وَّتَمُنَّ عَلَيَّ بِرِضَاكَ وَتَعْفُوَ عَنِّيْ بِحِلْمِكَ،

اور اپنی رضا کہ مجھ پر احسان فرما اپنی بردباری کے ساتھ مجھے معاف کر

وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ

اور مجھ پر اپنے حلال و پاکیزہ میں فراخی کر دے

وَمِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ

جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع ہے اور جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع نہیں ہے

فَاِنِّيْ عَبْدُكَ لَيْسَ لِيْ اَحَدٌ سِوَاكَ،

پس میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے سوا میرا کوئی نہیں

وَلَآ اَحَدٌ اَسْئَلُهٗ غَيْرُكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ،

اور نہ تیرے سوا کوئی اور ہے جس سے مانگوں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہے نہیں کوئی قوت لیکن وہی بزرگ و برتر خدا سے ملتی ہے۔

پھر سجدے میں جائے اور کہے

يَآ اَللّٰهُ، يَآ اَللّٰهُ، يَآ اَللّٰهُ، يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا رَبُّ،

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے پروردگار اے پروردگار اے پروردگار

يَا مُنْزِلَ الْبَرَكَاتِ بِكَ تُنْزِلُ كُلُّ حَاجَةٍ

اے برکتوں کے نازل کرنے والے تجھی سے ہر حاجت بر آتی اور پوری ہوتی ہے

اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ فِيْ مَخْزُوْنِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ

سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ ہر ایک نام کے جو تیرے ہاں خزانہ غیب میں ہے

وَالْاَسْمَآءِ الْمَشْهُوْرَاتِ عِنْدَكَ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى سُرَادِقِ عَرْشِكَ

اور بواسطہ ان معروف ناموں کے جو تیرے ہاں تحریر و نقش کیے ہوئے ہیں عرش کے پردوں پر

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقَبَّلَ مِنِّيْ شَهْرَ رَمَضَانَ

سوالی ہوں کہ رحمت نازل فرمائے تو حضرت محمد و آل محمد پر اور یہ کہ قبول کرے میری طرف سے ماہ رمضان کی عبادت

وَتَكْتُبَنِيْ مِنَ الْوَافِدِيْنَ اِلٰى بَيْتِكَ الْحَرَامِ

اور لکھ دے تو مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کا حج ادا کرنے والوں میں

وَتَصْفَحَ لِيْ عَنِ الذُّنُوْبِ الْعِظَامِ وَتَسْتَخْرِجَ لِيْ يَا رَبِّ كُنُوْزَكَ يَا رَحْمٰنُ

اور معاف کرے تو میرے بڑے بڑے گناہوں کو اور کھولے تو میرے لیے اپنے ان گنت خزانے اے بہت مہربان

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

عیدالفطر کا دن

عیدالفطر کے دن چند اعمال ہیں

غسل کرے۔

نماز فجر کے بعد اور نماز عید کے بعد تکبیریں پڑھے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

خدا بزرگ تر ہے خدا بزرگ تر ہے- نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے خدا بزرگ تر ہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا ھَدَانَا،

خدا بزرگ تر ہے اور خدا کے لیے حمد کہ حمد ہے خدا کے لیے کہ ہمیں ہدایت دی

وَلَہُ الشُّکْرُ عَلٰی مَآ اَوْلَانَا.

اور شکر ہے اس پر جو کچھ اس نے ہمیں بخشا

نماز عید سے قبل گھر کے ہر چھوٹے بڑے فرد کی طرف سے زکواۃ فطرہ ادا کرے کہ جس کی مقدار فی کس ایک صاع یعنی (۲/۱-۳) ساڑھے تین کلوگرام جنس یا اس کی قیمت ادا کرے۔

جابر نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب ماہ شوال کی پہلی تاریخ آتی ہے تو ایک ندا آتی ہے کہ اے مومنو صبح سویرے اپنے انعامات کو دریافت کرنے کی خاطر دوڑ پڑو! پھر آپؐ نے فرمایا کہ اے جابر! خدا کا انعام دنیاوی بادشاہوں کے انعمات کی طرح نہیں ہے۔ اس کے بعد فرمایا: یہ دن انعام کا دن ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: عید فطر کے دن فرشتے گلی کوچوں میں کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ اپنے پروردگار کی طرف جلدی کرو جو بیشمار عطا کرتا ہے اور بڑے بڑے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔

امام علی علیہ السلام بعض عید کے ایام میں فرماتے ہیں: یہ عید اس شخص کیلیے ہے جس کا روزہ خدا کی بارگاہ میں مورد قبول واقع ہوئی ہو اور ہر وہ دن جس دن خدا کی نافرمانی واقع نہ ہو عید کا دن ہے۔

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام عید کے دن کھیل تماشے میں مصروف لوگوں کی طرف دیکھ کر اپنے اصحاب کی طرف رخ کر کے فرمایا: خداوند عالم نے ماہ رمضان کو اپنے بندوں کیلیے مقابلے کا میدان قرار دیا ہے تاکہ خدا کی اطاعت کرنے کے ذریعے رضائے الٰہی کی طرف ایک دوسرے پر سبقت لے لے۔ ایک گروہ آگے نکل کر یہ مقابلہ جیت جاتا ہے اور ایک گروہ پیچھے رہ کر ہار جاتا ہے۔ پس آج جبکہ نیکی کرنے والے جزا پاتے ہیں اور کوتاہی کرنے والے ناکام ہوتے ہیں ایک ایسے دن مجھے اس کھیل تماشے میں مصروف لوگوں کی ہنسی پر تعجب ہوتا ہے۔ خدا کی قسم اگر پردہ اٹھ جائے جائے تو نیکی کرنے والے اپنے نیک کاموں میں مشغول ہونگے جبکہ بدکاران اپنے بدکاری میں گرفتار ہونگے۔

نمازِ عید

نمازِ عید دو رکعت ہے، پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ اعلیٰ اور پانچ تکبیریں کہے اور ہر تکبیر کے بعد یہ قنوت پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَھْلَ الْکِبْرِیَآءِ وَالْعَظَمَۃِ، وَاَھْلَ الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ،

اے اللہ تو ہے مالک بزرگیوں کا اور بڑائی کا تو ہے مالک بخشش کا اور دبدبے کا

وَاَھْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَۃِ، وَاَھْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَۃِ،

تو ہے مالک درگزر اور مہربانی کا اور تو ہے مالک پناہ و پردہ پوشی کا

اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدًا

سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ آج کے دن کے جس کو تونے مسلمانوں کے لیے عید قرار دیا

وَّلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ ذُخْرًا وَّمَزِیْدًا،

اور بنایا ہے اسے سرمایہ اور اضافہ کا دن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے لیے

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ،

کہ تو آج رحمت نازل کر سرکار محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْہِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ

اور یہ کہ داخل کر مجھے ہر اس نیکی میں جس میں داخل کیا تونے سرکار محمدؐ و آل محمدؐ کو

وَّاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ

اور یہ کہ دور کر دے مجھے ہر اس بدی سے جس سے دور رکھا تونے محمدؐ و آل محمدؐ کو

صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ

تیری رحمتیں ہوں آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ مَا سَئَلَکَ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر اس بھلائی کا جس کا سوال کیا تجھ سے تیرے نیک بندوں نے

وَاَعُوْذُبِکَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْہُ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ.

اور پناہ لیتا ہوں تیری جس سے پناہ چاہی ہے تیرے نیکوکار بندوں نے

پھر چھٹی تکبیر کہہ کر رکوع و سجود کرے دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الشمس پڑھے اور چار تکبیریں کہے، ہر تکبیر کے بعد وہی قنوت پڑھے اور پانچویں تکبیر کہہ کر رکوع و سجود کرے اور تشہد و سلام کے بعد تسبیح فاطمہ زہراؑ پڑھے۔

زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے آدم علیہ السلام کے وارث جو خدا کے چنے ہوئے ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے نوح علیہ السلام کے وارث جو خدا کے امانتدار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے ابراہیم علیہ السلام کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے موسیٰ علیہ السلام کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے عیسیٰ علیہ السلام کے وارث جو خدا کی روح ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ حَبِيْبِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے وارث محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جو خدا کے دوست و حبیب ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاوَارِثَ عَلِيٍّ حُجَّةِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے علی علیہ السلام کے وارث جو حجت خدا ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَرُّ التَّقِيُّ

سلام ہو آپ پر اے وصی نیکوکار پرہیزگار

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ،

سلام ہو آپ پر اے قربان خدا اور قربان خدا کے فرزند اور وہ خون جس کا بدلہ لیا جانا ہے

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ

میں گواہ ہوں کہ آپ نے نماز قائم فرمائی اور زکوۃ ادا کرتے رہے

وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ جَاهَدْتَّ فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ

آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا بُرے کاموں سے منع کیا اور راہ خدا میں جہاد کیا جو جہاد کرنے کا حق ہے

حَتّٰى اسْتُبِيْحَ حَرَمُكَ وَ قُتِلْتَ مَظْلُوْمًا

یہاں تک کہ آپ کی بے احترامی ہوئی اور آپ مظلومی میں قتل ہو گئے

پھر حضرت کے سرہانے روتی آنکھوں کے ساتھ کھڑے ہو کر کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ،

سلام ہو آپ پر اے اباعبد اللہ سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ،

سلام ہو آپ پر اے اوصیاء کے سردار کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے فرزند جو جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَطَلَ الْمُسْلِمِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے مسلمانوں میں بڑے بہادر

يَا مَوْلَايَ اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوْرًا فِى الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

اے میرے مولا میں گواہ ہوں کہ آپ نور کی صورت میں رہے عزت والی پشتوں

وَ الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ

اور پاک تر رحموں میں

لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُّدْلَهِمَّاتِ ثِيَابِهَا

جاہلیت نے آپ کو اپنی نجاستوں سے آلودہ نہیں کیا اور نہ اس نے آپ پر اپنے برے اثرات ڈالے

وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ

میں گواہ ہوں کہ آپ دین کے ستونوں

وَاَرْكَانِ الْمُسْلِمِيْنَ وَمَعْقِلِ الْمُؤْمِنِيْنَ

مسلمانوں کے سرداروں اور مومنوں کے قلعوں میں سے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ،

میں گواہ ہوں کہ آپ امام نیکوکار پرہیز گار پسندیدہ پاکیزہ رہبر راہ یافتہ ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوٰى

اور میں گواہ ہوں کہ جو ائمہ آپ کی اولاد میں سے ہیں وہ پرہیز گاری کے پیامی

وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا

ہدایت کے نشان خدا کی مضبوط رسی اور اہل دنیا پر اس کی حجت ہیں۔

اب خود کو قبر شریف کے ساتھ لپٹائے اور کہے:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ يَا مَوْلَايَ،

یقیناً ہم خدا کے ہیں اور اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں اے میرے مولا

اَنَا مُوَالٍ لِّوَلِيِّكُمْ وَمُعَادٍ لِّعَدُوِّكُمْ

میں آپ کے دوست کا دوست اور آپ کے دشمن کا دشمن ہوں

وَاَنَا بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَّبِاِيَابِكُمْ مُّوقِنٌ

میں آپ کا اور آپ کی رجعت کا معتقد ہوں

بِشَرَايِعِ دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ،

میں یقین رکھتا ہوں اپنے دین کے احکام اور اپنے عمل کے بدلے پر

وَقَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِيْ لِاَمْرِكُمْ مُّتَّبِعٌ.

میرا دل آپ کے دل سے پیوستہ اور میرا مقصد آپ کے مقصد کی پیروی ہے

يَا مَوْلَايَ اَتَيْتُكَ خَائِفًا فَاٰمِنِّيْ

اے میرے مولا آپ کے پاس ڈرتا ہوا آیا ہوں مجھے تسلی دیں

وَاَتَيْتُكَ مُسْتَجِيْرًا فَاَجِرْنِيْ

آپ کے پاس پناہ لینے آیا ہوں مجھے پناہ دیں

وَاَتَیْتُكَ فَقِیْرًا فَاَغْنِنِیْ،

اور آپ کے پاس محتاج ہو کر آیا ہوں مالا مال کریں

سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ اَنْتَ مَوْلَایَ

اے میرے آقا اے میرے مولا آپ میرے وہ مولا ہیں

حُجَّةُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ

جو خدا کی ساری مخلوق پر اس کی حجت ہیں

اٰمَنْتُ بِسِرِّكُمْ وَعَلَانِیَتِكُمْ وَبِظَاهِرِكُمْ

میں ایمان رکھتا ہوں آپ کے نہاں و عیاں پر آپ کے ظاہر پر

وَبَاطِنِكُمْ وَاَوَّلِكُمْ وَاٰخِرِكُمْ،

اور آپ کے باطن پر اور آپ کے اول پر اور آخر پر

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ التَّالِیْ لِكِتَابِ اللّٰهِ وَاَمِیْنُ اللّٰهِ

میں گواہ ہوں کہ آپ کتاب خدا کی تلاوت کرنے والے خدا کے امانتدار

الدَّاعِیْ اِلَى اللّٰهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ،

خدا کی طرف بلانے والے دانشمندی اور بہترین نصیحت کے ساتھ

لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَاُمَّةً قَتَلَتْكَ

خدا لعنت کرے اس گروہ پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور جس نے آپ کو قتل کیا

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِیَتْ بِهٖ .

اور خدا لعنت کرے اس گروہ پر جس نے یہ بات سنی تو وہ اس پر خوشنود ہوا۔

دعائے ندبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

حمد ہے خدا کے لیے جو جہانوں کا پروردگار ہے اور خدا رحمت کرے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّهٖ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا،

ہمارے سردار اور اپنے نبی محمد اور ان کی آل پر اور بہت بہت سلام بھیجے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا جَرٰى بِهٖ قَضَاؤُكَ

اے معبود حمد ہے تیرے لیے کہ جاری ہو گی تیری قضاء و قدر

فِيْ اَوْلِيَائِكَ الَّذِيْنَ اسْتَخْلَصْتَهُمْ لِنَفْسِكَ وَدِيْنِكَ

تیرے اولیاء کے بارے میں جن کو تو نے اپنے لیے اور اپنے دین کے لیے خاص کیا

اِذِ اخْتَرْتَ لَهُمْ جَزِيْلَ مَا عِنْدَكَ مِنَ النَّعِيْمِ

جب کہ انہیں اپنے ہاں سے وہ نعمتیں عطا کی ہیں

الْمُقِيْمِ الَّذِيْ لَا زَوَالَ لَهٗ وَلَا اضْمِحْلَالَ

جو باقی رہنے والی ہیں جو نہ ختم ہوتی ہیں نہ کمزور پڑتی ہیں

بَعْدَ اَنْ شَرَطْتَّ عَلَيْهِمُ الزُّهْدَ

اس کے بعد کہ تو نے لازم کیا ان پر دور رہیں

فِيْ دَرَجَاتِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الدَّنِيَّةِ وَزُخْرُفِهَا وَزِبْرِجِهَا،

اس دنیا کے بے حقیقت مناصب جھوٹی شان و شوکت اور زینت سے

فَشَرَطُوْا لَكَ ذٰلِكَ وَعَلِمْتَ مِنْهُمُ الْوَفَاءَ بِهٖ

پس انہوں نے یہ شرط پوری کی اور تو ان کی وفا کو جانتا ہے

فَقَبِلْتَهُمْ وَقَرَّبْتَهُمْ وَقَدَّمْتَ لَهُمُ الذِّكْرَ الْعَلِيَّ

تو نے انہیں قبول کیا مقرب بنایا ان کے ذکر کو بلند فرمایا

وَالثَّنَاءَ الْجَلِيَّ وَاَهْبَطْتَّ عَلَيْهِمْ مَلَائِكَتَكَ

اور ان کی تعریفیں ظاہر کیں تو نے ان کی طرف بھیجے اپنے فرشتے

وَكَرَّمْتَهُمْ بِوَحْيِكَ وَرَفَدْتَّهُمْ بِعِلْمِكَ

ان کو وحی سے مشرف کیا ان کو اپنے علوم سے نوازا

وَجَعَلْتَهُمُ الذَّرِيعَةَ اِلَيْكَ وَالْوَسِيلَةَ اِلٰى رِضْوَانِكَ

اور قرار دیا انکو وہ ذریعہ جو تجھ تک پہنچائے اور وہ وسیلہ جو تیری خوشنودی تک لے جائے

فَبَعْضٌ اَسْكَنْتَهُ جَنَّتَكَ.

پس ان میں کسی کو جنت میں رکھا

اِلٰى اَنْ اَخْرَجْتَهُ مِنْهَا، وَبَعْضٌ حَمَلْتَهُ فِى فُلْكِكَ

تا آنکہ اس سے باہر بھیجا کسی کو اپنی کشتی میں سوار کیا

وَنَجَّيْتَهُ وَمَنْ اٰمَنَ مَعَهُ مِنَ الْهَلَكَةِ بِرَحْمَتِكَ،

اور بچالیا اور جو ان کے ساتھ تھے انہیں موت سے بچایا تو نے اپنی رحمت کے ساتھ

وَبَعْضٌ اتَّخَذْتَهُ لِنَفْسِكَ خَلِيلًا

اور کسی کو تو نے اپنا خلیل بنایا

وَّسَئَلَكَ لِسَانَ صِدْقٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ فَاَجَبْتَهُ وَجَعَلْتَ ذٰلِكَ عَلِيًّا

پھر آخر والوں میں سے راستگو زبان نے تجھ سے سوال کیا جسے تو نے پورا فرمایا اور اسے علی علیہ السلام قرار دیا

وَّبَعْضٌ كَلَّمْتَهُ مِنْ شَجَرَةٍ تَكْلِيمًا وَّجَعَلْتَ لَهُ مِنْ اَخِيهِ رِدْءًا وَّوَزِيرًا،

کسی کے ساتھ تو نے درخت میں سے کلام کیا اور اس کے بھائی کو اس کا مددگار بنایا

وَّبَعْضٌ اَوْلَدْتَّهُ مِنْ غَيْرِ اَبٍ وَّاٰتَيْتَهُ الْبَيِّنَاتِ

کسی کو تو نے بن باپ کے پیدا فرمایا اسے بہت سے معجزات دیئے

وَاَيَّدْتَّهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ، وَكُلٌّ شَرَعْتَ لَهُ شَرِيعَةً

اور روح قدس سے اسے قوت دی تو نے ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک شریعت

وَّنَهَجْتَ لَهُ مِنْهَاجًا وَّتَخَيَّرْتَ لَهُ اَوْصِيَاءَ

اور راستہ مقرر کیا ان کے لیے اوصیاء چنے کہ

مُسْتَحْفِظًا بَعْدَ مُسْتَحْفِظٍ مِنْ مُّدَّةٍ اِلٰى مُدَّةٍ

ایک کے بعد دوسرا نگہبان آیا

اِقَامَةً لِّدِيْنِكَ وَحُجَّةً عَلٰى عِبَادِكَ، وَلِئَلَّا يَزُوْلَ الْحَقُّ عَنْ مَّقَرِّهٖ

تیرے دین کو قائم رکھنے کے لیے جو تیرے بندوں پر حجت قرار پایا تا کہ حق اپنے مقام سے نہ ہٹے

وَيَغْلِبَ الْبَاطِلُ عَلٰٓى اَهْلِهٖ وَلَا يَقُوْلَ اَحَدٌ

اور باطل کے حامی اہل حق پر غلبہ نہ پائیں اور کوئی یہ نہ کہے کہ

لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا مُّنْذِرًا

کاش تو نے ہماری طرف ڈرانے والا رسول بھیجا ہوتا

وَّ اَقَمْتَ لَنَا عَلَمًا هَادِيًا فَنَتَّبِعَ اٰيَاتِكَ

اور ہمارے لیے ہدایت کا جھنڈا بلند کیا ہوتا کہ تیری آیتوں کی پیروی کرتے

مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى، اِلٰٓى اَنِ انْتَهَيْتَ بِالْاَمْرِ

اس سے پہلے کہ ذلیل ورسوا ہو یہاں تک کہ تو نے امر ہدایت

اِلٰى حَبِيْبِكَ وَنَجِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

اپنے حبیب اور پاک اصل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کیا

فَكَانَ كَمَا انْتَجَبْتَهٗ سَيِّدَ مَنْ خَلَقْتَهٗ

پس وہ ایسے سردار ہوئے جن کو تو نے خلق میں سے پسند کیا

وَصَفْوَةَ مَنِ اصْطَفَيْتَهٗ وَاَفْضَلَ مَنِ اجْتَبَيْتَهٗ

برگزیدوں میں سے برگزیدہ فرمایا جن کو چنا ان میں سے افضل بنایا

وَاَكْرَمَ مَنِ اعْتَمَدْتَّهٗ. قَدَّمْتَهٗ عَلٰٓى اَنْبِيَائِكَ

اپنے خواص میں سے بزرگ قرار دیا انہیں نبیوں کا پیشوا بنایا

وَبَعَثْتَهٗ اِلَى الثَّقَلَيْنِ مِنْ عِبَادِكَ

اور ان کو اپنے بندوں میں سے دونوں جن وانس کی طرف بھیجا

وَاَوْطَاْتَهٗ مَشَارِقَكَ وَمَغَارِبَكَ

ان کے لیے سارے مشرقوں اور مغربوں کو زیر کر دیا

وَسَخَّرْتَ لَهُ الْبُرَاقَ وَعَرَجْتَ بِرُوْحِهٖ بِهٖٓ اِلٰى سَمَآئِكَ

براق کو ان کا مطیع بنایا اور ان کو جسم وجان کے ساتھ آسمان پر بلایا

وَاَوْدَعْتَہٗ عِلْمَ مَاکَانَ وَمَایَکُوْنُ

اور تو نے انہیں سابقہ و آیندہ باتوں کا علم دیا

اِلَی انْقِضَآءِ خَلْقِكَ، ثُمَّ نَصَرْتَہٗ بِالرُّعْبِ

تا آنکہ تیری مخلوق ختم ہو جائے پھر ان کو دبدبہ عطا کیا

وَحَفَفْتَہٗ بِجَبْرَئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَالْمُسَوِّمِیْنَ مِنْ مَّلآئِکَتِكَ

اور جمع فرمایا ان کے گرد جبریل و میکائیل اور نشان زدہ فرشتوں کو جمع فرمایا

وَوَعَدْتَّہٗ اَنْ تُظْہِرَ دِیْنَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ

ان سے وعدہ کیا کہ غالب آئے گا آپ کا دین تمام ادیان پر

وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ، وَذٰلِكَ بَعْدَ اَنْ

اگرچہ مشرک دل تنگ ہوں اور یہ اس وقت ہوا جب بعد ہجرت

بَوَّاْتَہٗ مُبَوَّاَ صِدْقٍ مِّنْ اَہْلِہٖ وَجَعَلْتَ لَہٗ وَلَہُمْ

تو نے ان کے خاندان کو راستی کے مقام پر جگہ دی اور ان کے اور ان کے ساتھیوں

اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبَارَکًا

کے لیے قبلہ بنایا پہلا وہ گھر جو مکہ میں بنایا گیا بابرکت

وَّہُدًی لِّلْعَالَمِیْنَ فِیْہِ اٰیَاتٌ بَیِّنَاتٌ مَّقَامُ اِبْرَاہِیْمَ

اور جو جہانوں کے لیے ہدایت کا مرکز ہے اس میں واضح نشانیاں اور مقام ابراہیم ہے

وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا، وَّقُلْتَ:

جو اس گھر میں داخل ہوا اسے امان مل گئی نیز تو نے فرمایا

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْہِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ

ضرور خدا نے ارادہ کر لیا ہے کہ تم سے دور کر دے ناپاکی کو

اَہْلَ الْبَیْتِ وَیُطَہِّرَکُمْ تَطْہِیْرًا.

اے اہل بیت اور تمہیں پاک رکھے جو پاک رکھنے کا حق ہے

ثُمَّ جَعَلْتَ اَجْرَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

اجر رسالت محمد قرار دیا تیری رحمتیں ہوں ان پر اور ان کی آل پر

مَوَدَّتَهُمْ فِي كِتَابِكَ فَقُلْتَ

تو نے اہل بیت کی دوستداری کو ان کا قرآن میں پس تو نے فرمایا

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى،

کہہ دیں کہ میں تم سے اجر رسالت نہیں مانگتا مگر یہ کہ میرے اقرباسے دوستی رکھو

وَقُلْتَ: مَا سَئَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ،

اور تو نے کہا جو اجر میں نے تم سے مانگا ہے وہ تمہارے فائدے میں ہے

وَقُلْتَ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

نیز تو نے فرمایا میں نے تم سے اجر رسالت نہیں مانگا

اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

سوائے اس کے کہ یہ راہ ہے اس کے لیے جو خدا تک پہنچنا چاہے

فَكَانُوْا هُمُ السَّبِيْلَ اِلَيْكَ وَالْمَسْلَكَ اِلٰى رِضْوَانِكَ.

پس اہل بیت تیرا مقرر کردہ راستہ اور تیری خوشنودی کے حصول کا ذریعہ ہیں

فَلَمَّا انْقَضَتْ اَيَّامُهٗ اَقَامَ وَلِيَّهٗ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ

ہاں جب محمد رسول اللہ کا وقت پورا ہو گیا تو ان کی جگہ علی بن ابی طالب نے لے لی

صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِمَا وَاٰلِهِمَا هَادِيًا اِذْ كَانَ هُوَ الْمُنْذِرَ

تیری رحمتیں ان دونوں پر اور ان کی آل پر علی رہبر ہیں جب کہ محمد ڈرانے والے

وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ، فَقَالَ وَالْمَلَاُ اَمَامَهٗ:

اور ہر قوم کے رہبر تھے پس فرمایا آپ نے جماعت صحابہ سے کہ

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ،

جس کا میں مولا ہوں پس علی بھی اس کے مولا ہیں

اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَّالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

اے معبود محبت کر اس سے جو اس سے محبت کرے دشمنی کر اس سے جو اس سے دشمنی کرے

وَانْصُرْ مَنْ نَّصَرَهٗ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهٗ،

مدد کر اس کی جو اس کی مدد کرے چھوڑ دے اس کو جو اسے چھوڑ

وَقَالَ مَنْ كُنْتُ اَنَا نَبِيَّهٗ فَعَلِيٌّ اَمِيْرُهٗ، وَقَالَ:

نیز فرمایا کہ جس کا میں نبی ہوں علی اس کا امیر و حاکم ہے اور فرمایا

اَنَا وَعَلِيٌّ مِّنْ شَجَرَةٍ وَّاحِدَةٍ وَّسَايِرُ النَّاسِ مِنْ شَجَرٍ شَتّٰى

میں اور علی ایک درخت سے ہیں اور دوسرے لوگ مختلف درختوں سے پیدا ہوئے ہیں

وَاَحَلَّهٗ مَحَلَّ هٰرُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى فَقَالَ لَهٗ:

اور علی کو اپنا جانشین کیا جیسے ہارون موسیٰ کے جانشین ہوئے پس فرمایا

اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسٰى

اے علی تم میری نسبت وہی مقام رکھتے ہو جو ہارون کو موسیٰ کی نسبت تھی

اِلَّآ اَنَّهٗ لَانَبِيَّ بَعْدِيْ، وَزَوَّجَهُ ابْنَتَهٗ سَيِّدَةَ نِّسَآءِ الْعَالَمِيْنَ،

مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں آپ نے علی کا نکاح اپنی بیٹی سردار زنان عالم سے کیا

وَاَحَلَّ لَهٗ مِنْ مَّسْجِدِهٖ مَاحَلَّ لَهٗ،

مسجد میں ان کے لیے وہ امر حلال رکھا جو آپ کے لیے تھا

وَسَدَّ الْاَبْوَابَ اِلَّا بَابَهٗ

اور مسجد کی طرف سے سبھی دروازے بند کرائے سوائے علی علیہ السلام کے

ثُمَّ اَوْدَعَهٗ عِلْمَهٗ وَحِكْمَتَهٗ فَقَالَ:

پھر اپنا علم و حکمت ان کے سپرد کیا تو فرمایا

اَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا

میں علم کا شہر ہوں اور علی علیہ السلام اس کا دروازہ ہیں

فَمَنْ اَرَادَ الْمَدِيْنَةَ وَالْحِكْمَةَ فَلْيَاْتِهَا مِنْ بَابِهَا.

لہذا جو علم و حکمت کا طالب ہے وہ اس در علم پر آئے

ثُمَّ قَالَ: اَنْتَ اَخِيْ وَوَصِيِّيْ وَوَارِثِيْ،

نیز یہ کہا کہ اے علی علیہ السلام تم میرے بھائی جانشین اور وارث ہو

لَحْمُكَ مِنْ لَحْمِيْ وَدَمُكَ مِنْ دَمِيْ وَسِلْمُكَ سِلْمِيْ

تمہارا گوشت میرا گوشت تمہارا خون میرا خون تمہاری صلح میری صلح

وَحَرْبُكَ حَرْبِیْ، وَالْاِیْمَانُ مُخَالِطٌ لَّحْمَكَ وَدَمَكَ

تمہاری جنگ میری جنگ ہے اور ایمان تمہارے خون و گوشت میں شامل رہے

كَمَا خَالَطَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ،

جیسے وہ میرے گوشت وخون میں شامل ہے

وَاَنْتَ غَدًا عَلَى الْحَوْضِ خَلِیْفَتِیْ وَاَنْتَ تَقْضِیْ دَیْنِیْ وَتُنْجِزُ عِدَاتِیْ،

قیامت میں تم حوض کوثر پر میرے خلیفہ ہوگے تمہی میرے قرضے چکاؤ گے اور میرے وعدے نبھاؤ گے

وَشِیْعَتُكَ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ مُّبْیَضَّةً وُّجُوْهُهُمْ

تمہارے شیعہ چمکتے چہروں کے ساتھ نورانی تختوں پر

حَوْلِیْ فِی الْجَنَّةِ وَهُمْ جِیْرَانِیْ،

میرے آس پاس جنت میں میرے قرب میں ہوں گے

وَلَوْلَا اَنْتَ یَا عَلِیُّ لَمْ یُعْرَفِ الْمُؤْمِنُوْنَ بَعْدِیْ.

اور اے علی اگر تم نہ ہوتے تو میرے بعد مومنوں کی پہچان نہ ہو پاتی

وَكَانَ بَعْدَهٗ هُدًی مِّنَ الضَّلَالِ وَنُوْرًا مِّنَ الْعَمٰی

تو وہ آپکے بعد گمراہی سے ہدایت میں لانے والے تاریکی سے روشنی میں لانے والے

وَحَبْلَ اللّٰهِ الْمَتِیْنَ وَصِرَاطَهُ الْمُسْتَقِیْمَ

خدا کا مضبوط سلسلہ اور اس کا سیدھا راستہ تھے

لَا یُسْبَقُ بِقَرَابَةٍ فِیْ رَحِمٍ وَّلَا بِسَابِقَةٍ فِیْ دِیْنٍ

نہ قرابت پیغمبر میں کوئی ان سے بڑھا ہوا تھا نہ دین میں کوئی ان سے آگے تھا

وَّلَا یُلْحَقُ فِیْ مَنْقَبَةٍ مِّنْ مَّنَاقِبِهٖ،

ان کے علاوہ کوئی بھی اوصاف میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مانند نہ تھا

یَحْذُوْ حَذْوَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِمَا وَاٰلِهِمَا

جبکہ قدم نقش قدم رسول خدا ، رحمت ہو نبی و علی پر اور ان کی آل پر

وَیُقَاتِلُ عَلَى التَّاْوِیْلِ وَلَا تَاْخُذُهٗ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَآئِمٍ

علی نے تاویل قرآن پر جنگ کی اور خدا کے معاملے میں کسی ملامت کی پرواہ نہ کی

قَدْ وَتَرَ فِيهِ صَنَادِيدَ الْعَرَبِ وَقَتَلَ اَبْطَالَهُمْ

عرب سرداروں کو ہلاک کیا ان کے بہادروں کو قتل کیا

وَنَاوَشَ ذُؤْبَانَهُمْ فَاَوْدَعَ قُلُوبَهُمْ اَحْقَادًا

اور ان کے پہلوانوں کو پچھاڑا پس عربوں کے دلوں میں کینہ بھر گیا

بَدْرِيَّةً وَّخَيْبَرِيَّةً وَّحُنَيْنِيَّةً وَّغَيْرَهُنَّ،

کہ بدر، خیبر، حنین وغیرہ میں ان کے لوگ قتل ہوگئے

فَاَضَبَّتْ عَلٰى عَدَاوَتِهٖ وَاَكَبَّتْ عَلٰى مُنَابَذَتِهٖ

پس وہ علی علیہ السلام کی دشمنی میں اکٹھے ہوئے اور ان کی مخالفت پر آمادہ ہوگئے

حَتّٰى قَتَلَ النَّاكِثِينَ وَالْقَاسِطِينَ وَالْمَارِقِينَ

چنانچہ آپ نے بیعت توڑنے والوں تفرقہ ڈالنے والوں اور ہٹ دھرمی کرنے والوں کو قتل کیا

وَلَمَّا قَضٰى نَحْبَهٗ وَقَتَلَهٗ اَشْقَى الْاٰخِرِينَ يَتْبَعُ اَشْقَى الْاَوَّلِينَ

جب آپ کا وقت پورا ہوا تو بعد والے بدبخت نے آپ کو قتل کیا اس نے پہلے والے بدبخت کی پیروی کی

لَمْ يُمْتَثَلْ اَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان پورا ہوا

فِي الْهَادِينَ بَعْدَ الْهَادِينَ، وَالْاُمَّةُ مُصِرَّةٌ عَلٰى مَقْتِهٖ

کہ ایک رہبر کے بعد دوسرا رہبر آتا رہا اور امت اس کی دشمنی پر شدت سے آمادہ

مُجْتَمِعَةٌ عَلٰى قَطِيعَةِ رَحِمِهٖ وَاِقْصَاءِ وَلَدِهٖ

وجمع ہو کر اس پر ظلم ڈھاتی اور اسکی اولاد کو پریشان کرتی رہی

اِلَّا الْقَلِيلَ مِمَّنْ وَّفٰى لِرِعَايَةِ الْحَقِّ فِيهِمْ،

مگر تھوڑے سے لوگ وفادار تھے اور انکا حق پہچانتے تھے

فَقُتِلَ مَنْ قُتِلَ وَسُبِيَ مَنْ سُبِيَ وَاُقْصِيَ مَنْ اُقْصِيَ

پس ان میں سے کچھ قتل ہوئے کچھ قید میں ڈالے گئے اور کچھ بے وطن ہوئے

وَجَرَى الْقَضَاءُ لَهُمْ بِمَا يُرْجٰى لَهٗ حُسْنُ الْمَثُوبَةِ،

ان پر قضا وارد ہوگئی جس پر وہ بہترین کے امیدوار تھے کیونکہ زمین خدا کی ملکیت ہے

اِذْ کَانَتِ الْاَرْضُ لِلّٰہِ یُوْرِثُھَا مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ

وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اس کا وارث بناتا ہے اور انجام کار پرہیز گاروں کے لیے ہے

وَسُبْحَانَ رَبِّنَا اِنْ کَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا

اور پاک ہے ہمارا رب کہ ہمارے رب کا وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے

وَلَنْ یُّخْلِفَ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ.

ہاں خدا اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا وہ زبردست ہے حکمت والا

فَعَلَی الْاَطَآئِبِ مِنْ اَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ

پس حضرت محمد و حضرت علی کا حق کہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْھِمَا وَاٰلِھِمَا فَلْیَبْکِ الْبَاکُوْنَ

ان دونوں پر خدا کی رحمت ہو انکے خاندان کے پاکباز پر رونے والوں کو رونا چاہئے

وَاِیَّاھُمْ فَلْیَنْدُبِ النَّادِبُوْنَ وَلِمِثْلِھِمْ

چنانچہ ان پر اور ان جیسوں پر دھاڑیں مار کر رونا چاہیئے

فَلْتَذْرِفِ الدُّمُوْعُ وَالْیَصْرُخِ الصَّارِخُوْنَ

ان کے لیے آنسو بہائے جائیں رونے والے چیخ چیخ کر روئیں

وَیَضِجَّ الضَّاجُّوْنَ وَیَعِجَّ الْعَاجُّوْنَ !

نالہ و فریاد بلند کریں اور اونچی آوازوں میں رو کر کہیں

اَیْنَ الْحَسَنُ اَیْنَ الْحُسَیْنُ اَیْنَ اَبْنَآءُ الْحُسَیْنِ ۞

کہاں ہیں حسن کہاں ہیں حسین کہاں گئے فرزندان حسین علیہ السلام

صَالِحٌ بَعْدَ صَالِحٍ وَّصَادِقٌ بَعْدَ صَادِقٍ !

ایک نیکوکار کے بعد دوسرا نیکوکار ایک سچے کے بعد دوسرا سچا

اَیْنَ السَّبِیْلُ بَعْدَ السَّبِیْلِ

کہاں گئے جو ایک کے بعد ایک راہ حق کے رہبر تھے

اَیْنَ الْخِیَرَۃُ بَعْدَ الْخِیَرَۃِ ؟ اَیْنَ الشُّمُوْسُ الطَّالِعَۃُ ۞

کہاں گئے جو اپنے وقت میں خدا کے برگزیدہ تھے کدھر گئے وہ چمکتے سورج کیا ہوئے

أَيْنَ الْأَقْمَارُ الْمُنِيرَةُ؟ أَيْنَ الْأَنْجُمُ الزَّاهِرَةُ

وہ دمکتے چاند کہاں گئے وہ جھلملاتے ستارے کدھر گئے

أَيْنَ أَعْلَامُ الدِّينِ وَقَوَاعِدُ الْعِلْمِ

کہاں ہیں وہ دین کے نشان اور علم کے ستون؟

أَيْنَ بَقِيَّةُ اللهِ الَّتِي لَا تَخْلُو مِنَ الْعِتْرَةِ الْهَادِيَةِ

کہاں ہیں خدا کا آخری نمائندہ جو رہبروں کے اس خاندان سے باہر نہیں

أَيْنَ الْمُعَدُّ لِقَطْعِ دَابِرِ الظَّلَمَةِ

کہاں ہے وہ جو ظالموں کی جڑیں کاٹنے کے لیے آمادہ ہے

أَيْنَ الْمُنْتَظَرُ لِإِقَامَةِ الْأَمْتِ وَالْعِوَجِ

کہاں ہے وہ جو انتظار میں ہے کہ ٹیڑھے کو سیدھا اور نادرست کو درست کرنے کا وقت آئے

أَيْنَ الْمُرْتَجَى لِإِزَالَةِ الْجَوْرِ وَالْعُدْوَانِ

کہاں ہے وہ امید گاہ جو ظلم و ستم کو مٹانے والا ہے

أَيْنَ الْمُدَّخَرُ لِتَجْدِيدِ الْفَرَائِضِ وَالسُّنَنِ

کہاں ہے وہ فرائض اور سنن کو زندہ کرنے والا امام؟

أَيْنَ الْمُتَخَيَّرُ لِإِعَادَةِ الْمِلَّةِ وَالشَّرِيعَةِ

کہاں ہے وہ ملت اور شریعت کو راست کرنے والا؟

أَيْنَ الْمُؤَمَّلُ لِإِحْيَاءِ الْكِتَابِ وَحُدُودِهِ

کہاں ہے وہ جس کے ذریعے قرآن اور اس کے احکام کے زندہ ہون کی توقع ہے

أَيْنَ مُحْيِي مَعَالِمِ الدِّينِ وَأَهْلِهِ

کہاں ہے وہ دین اور اہل دین کے طریقے روشن کرنے والا

أَيْنَ قَاصِمُ شَوْكَةِ الْمُعْتَدِينَ

کہاں ہے وہ ظالموں کا زور توڑنے والا؟

أَيْنَ هَادِمُ أَبْنِيَةِ الشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ

کہاں ہے وہ شرک و نفاق کی بنیادیں ڈھانے والا

اَیْنَ مُبِیْدُ اَهْلِ الْفُسُوْقِ وَالْعِصْیَانِ وَالطُّغْیَانِ

کہاں ہے وہ بدکاروں نافرمانوں اور سرکشوں کو تباہ کرنے والا

اَیْنَ حَاصِدُ فُرُوْعِ الْغَیِّ وَالشِّقَاقِ

کہاں ہے وہ گمراہی اور تفرقے کی شاخیں کاٹنے والا

اَیْنَ طَامِسُ اٰثَارِ الزَّیْغِ وَالْاَهْوَآءِ

کہاں ہے وہ کج دلی و نفس پرستی کے داغ مٹانے والا

اَیْنَ قَاطِعُ حَبَآئِلِ الْکِذْبِ وَالْاِفْتِرَآءِ

کہاں ہے وہ جھوٹ اور بہتان کی رگیں کاٹنے والا

اَیْنَ مُبِیْدُ الْعُتَاةِ وَالْمَرَدَةِ

کہاں ہے وہ سرکشوں اور مغروروں کو تباہ کرنے والا

اَیْنَ مُسْتَاصِلُ اَهْلِ الْعِنَادِ وَالتَّضْلِیْلِ وَالْاِلْحَادِ

کہاں ہے وہ دشمنوں گمراہ کرنے والوں اور بے دینوں کی جڑیں اکھاڑنے والا کہاں ہے

اَیْنَ مُعِزُّ الْاَوْلِیَآءِ وَمُذِلُّ الْاَعْدَآءِ

کہاں ہے وہ دوستوں کو باعزت اور دشمنوں کو ذلیل کرنے والا

اَیْنَ جَامِعُ الْکَلِمَةِ عَلَی التَّقْوٰی

کہاں ہے وہ سب کو تقویٰ پر جمع کرنے والا

اَیْنَ بَابُ اللّٰهِ الَّذِیْ مِنْهُ یُؤْتٰی

کہاں ہے وہ خدا کا دروازہ جس سے وارد ہوں

اَیْنَ وَجْهُ اللّٰهِ الَّذِیْٓ اِلَیْهِ یَتَوَجَّهُ الْاَوْلِیَآءُ

کہاں ہے وہ مظہر خدا کہ جس کی طرف دوستدار متوجہ ہوں

اَیْنَ السَّبَبُ الْمُتَّصِلُ بَیْنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

کہاں ہے وہ زمین و آسمان کے پیوست رہنے کا وسیلہ

اَیْنَ صَاحِبُ یَوْمِ الْفَتْحِ وَنَاشِرُ رَایَةِ الْهُدٰی

کہاں ہے وہ یوم فتح کا حکمران اور ہدایت کا پرچم لہرانے والا

أَيْنَ مُؤَلِّفُ شَمْلِ الصَّلَاحِ وَالرِّضَا

کہاں ہے وہ نیکی وخوشنودی کا لباس پہننے والا

أَيْنَ الطَّالِبُ بِذُحُولِ الْأَنْبِيَاءِ وَأَبْنَاءِ الْأَنْبِيَاءِ

کہاں ہے وہ نبیوں کے خون اور نبیوں کی اولاد کے خون کا دعویدار

أَيْنَ الطَّالِبُ بِدَمِ الْمَقْتُولِ بِكَرْبَلَاءَ ؟

کہاں ہے وہ کربلا کے مقتول حسین علیہ السلام کے خون کا مدعی

أَيْنَ الْمَنْصُورُ عَلَى مَنِ اعْتَدَى عَلَيْهِ وَافْتَرَى

کہاں ہے وہ جو اس پر غالب ہے جس نے زیادتی کی اور جھوٹ باندھا

أَيْنَ الْمُضْطَرُّ الَّذِي يُجَابُ إِذَا دَعَى ؟

کہاں ہے وہ پریشان کہ جب دعا مانگے قبول ہوتی ہے

أَيْنَ صَدْرُ الْخَلَائِقِ ذُو الْبِرِّ وَالتَّقْوَى

کہاں ہے وہ مخلوق کا حاکم جو نیک وپرہیز گار ہے

أَيْنَ ابْنُ النَّبِيِّ الْمُصْطَفَى وَابْنُ عَلِيٍّ الْمُرْتَضَى

کہاں ہے وہ نبی مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرزند اور علی مرتضی علیہ السلام کا فرزند

وَابْنُ خَدِيجَةَ الْغَرَّاءِ وَابْنُ فَاطِمَةَ الْكُبْرَى ؟

کہاں ہے وہ خدیجہ پاک کا فرزند اور فاطمہ کبریٰ علیہا السلام کا فرزند

بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي وَنَفْسِي لَكَ الْوِقَاءُ وَالْحِمَى

قربان آپ پر میرے ماں باپ اور میری جان آپ کے لیے فدا ہے

يَا بْنَ السَّادَةِ الْمُقَرَّبِينَ يَا بْنَ النُّجَبَاءِ الْأَكْرَمِينَ

اے خدا کے مقرب سرداروں کے فرزند اے پاک اصل بزرگواروں کے فرزند

يَا بْنَ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّينَ يَا بْنَ الْخِيَرَةِ الْمُهَذَّبِينَ

اے ہدایت یافتہ رہبروں کے فرزند اے برگزیدہ اور خوش اطوار بزرگوں کے فرزند

يَا بْنَ الْغَطَارِفَةِ الْأَنْجَبِينَ يَا بْنَ الْأَطَائِبِ الْمُطَهَّرِينَ

اے پاک نہاد سرداروں کے فرزند اے پاکبازوں پاک شدگان کے فرزند

يَابْنَ الْخَضَارِمَةِ الْمُنْتَجَبِيْنَ يَابْنَ الْقَمَاقِمَةِ الْاَكْرَمِيْنَ،

اے پاک نژاد سادات کے فرزند اے وسیع القلب عزت داروں کے فرزند

يَابْنَ الْبُدُوْرِ الْمُنِيْرَةِ يَابْنَ السُّرُجِ الْمُضِيْئَةِ

اے روشن چاندوں کے فرزند اے روشن چراغوں کے فرزند

يَابْنَ الشُّهُبِ الثَّاقِبَةِ يَابْنَ الْاَنْجُمِ الزَّاهِرَةِ

اے روشن سیاروں کے فرزند اے چمکتے ستاروں کے فرزند

يَابْنَ السُّبُلِ الْوَاضِحَةِ يَابْنَ الْاَعْلَامِ اللَّائِحَةِ،

اے روشن راہوں کے فرزند اے بلند مرتبے والوں کے فرزند

يَابْنَ الْعُلُوْمِ الْكَامِلَةِ يَابْنَ السُّنَنِ الْمَشْهُوْرَةِ

اے حاملین علوم کے فرزند اے واضح روشوں کے فرزند

يَابْنَ الْمَعَالِمِ الْمَاْثُوْرَةِ يَابْنَ الْمُعْجِزَاتِ الْمَوْجُوْدَةِ

اے مذکور علامتوں کے فرزند اے معجز نماؤں کے فرزند

يَابْنَ الدَّلَائِلِ الْمَشْهُوْدَةِ،

اے ظاہر دلائل کے فرزند

يَابْنَ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ يَابْنَ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ

اے سیدھے راستے کے فرزند اے عظیم خبر کے فرزند

يَابْنَ مَنْ هُوَ فِىْ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَى اللهِ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ،

اے اس ہستی کے فرزند جو خدا کے ہاں ام الکتاب میں علی حکیم ہے

يَابْنَ الْاٰيَاتِ وَالْبَيِّنَاتِ يَابْنَ الدَّلَائِلِ الظَّاهِرَاتِ

اے واضح و روشن آیات کے فرزند اے ظاہر ادلائل کے فرزند

يَابْنَ الْبَرَاهِيْنِ الْوَاضِحَاتِ الْبَاهِرَاتِ

اے واضح و روشن تر دلائل کے فرزند

يَابْنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَاتِ يَابْنَ النِّعَمِ السَّابِغَاتِ

اے کامل حجتوں کے فرزند اے بہترین نعمتوں کے فرزند

يَا بْنَ طٰهٰ وَالْمُحْكَمَاتِ يَا بْنَ يٰسٓ وَالذَّارِيَاتِ

اے طٰہٰ اور محکم آیتوں کے فرزند اے یٰس وزاریات کے فرزند

يَا بْنَ الطُّوْرِ وَالْعَادِيَاتِ، يَا بْنَ مَنْ دَنٰى فَتَدَلّٰى

اے طور اور عادیات کے فرزند اے اس ہستی کے فرزند جو نزدیک ہوئے تو اس سے مل گئے

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى

پس کمان کے دونوں سروں جتنے یا اس سے بھی نزدیک ہوئے

دُنُوًّا وَّاقْتِرَابًا مِّنَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى!

قریب ہوگئے علی اعلیٰ کے

لَيْتَ شِعْرِيْ اَيْنَ اسْتَقَرَّتْ بِكَ النَّوٰى

اے کاش میں جانتا کہ اس دوری نے آپکو کہاں جا ٹھہرایا

بَلْ اَيُّ اَرْضٍ تُقِلُّكَ اَوْ ثَرٰى؟

اور کس زمین اور کس خاک نے آپ کو اٹھار کھا ہے

اَبِرَضْوٰى اَوْ غَيْرِهَا اَمْ ذِيْ طُوٰى؟

آپ رضوی میں ہیں یا کسی اور پہاڑ پر ہیں یا وادی طویٰ میں

عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ اَرَى الْخَلْقَ وَلَا تُرٰى

یہ مجھ پر گراں ہے کہ مخلوق کو دیکھوں اور آپ کو نہ دیکھ پاؤں

وَلَا اَسْمَعُ لَكَ حَسِيْسًا وَّلَا نَجْوٰى،

نہ آپ کی آہٹ سنوں اور نہ سرگوشی

عَزِيْزٌ عَلَيَّ اَنْ تُحِيْطَ بِكَ دُوْنِيَ الْبَلْوٰى

مجھے رنج ہے کہ آپ تنہا سختی میں پڑے ہیں میں آپ کے ساتھ نہیں ہوں

وَلَا يَنَالُكَ مِنِّيْ ضَجِيْجٌ وَّلَا شَكْوٰى

اور میری آہ وزاری آپ تک نہیں پہنچ پاتی

بِنَفْسِيْ اَنْتَ مِنْ مُغَيَّبٍ لَّمْ يَخْلُ مِنَّا

میری جان آپ پر قربان کہ آپ غائب ہیں مگر ہم سے دور نہیں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ مِنْ نَّازِحٍ مَّانَزَحَ عَنَّا

میں آپ پر قربان آپ وطن سے دور ہیں لیکن ہم سے دور نہیں میں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ اُمْنِیَّةُ شَآئِقٍ یَّتَمَنّٰی مِنْ مُّؤْمِنٍ وَّ مُؤْمِنَةٍ ذَکَرَا فَحَنَّا،

آپ پر قربان آپ ہر محب کی آرزو ہر مومن و مومنہ کی تمنا ہیں جس کے لیے وہ نالہ کرتے ہیں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ مِنْ عَقِیْدِ عِزٍّ لَّا یُسَامٰی

میں قربان آپ وہ عزت دار ہیں جن کا کوئی ثانی نہیں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ مِنْ اَثِیْلِ مَجْدٍ لَّا یُجَارٰی

میں قربان آپ وہ بلند مرتبہ ہیں جن کے برابر کوئی نہیں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ مِنْ تِلَادِ نِعَمٍ لَّا تُضَاهٰی

میں قربان آپ وہ قدیمی نعمت ہیں جس کی مثل نہیں

بِنَفْسِیْ اَنْتَ مِنْ نَّصِیْفِ شَرَفٍ لَّا یُسَاوٰی !

میں قربان آپ جو شرف رکھتے ہیں وہ کسی اور کو نہیں مل سکتا

اِلٰی مَتٰی اَحَارُ فِیْكَ یَا مَوْلَایَ وَاِلٰی مَتٰی

کب تک ہم آپ کے لیے بے چین رہیں گے اے میرے آقا اور کب تک

وَاَیُّ خِطَابٍ اَصِفُ فِیْكَ وَاَیُّ نَجْوٰی ؟

اور کس طرح آپ سے خطاب کروں اور سرگوشی کروں؟

عَزِیْزٌ عَلَیَّ اَنْ اُجَابَ دُوْنَكَ وَاُنَاغٰی

یہ مجھ پر گراں ہے کہ بجز آپکے کسی سے جواب پاؤں یا باتیں سنوں

عَزِیْزٌ عَلَیَّ اَنْ اَبْکِیَكَ وَیَخْذُلَكَ الْوَرٰی

مجھ پر گراں ہے کہ میں آپکے لیے روؤں اور لوگ آپکو چھوڑے رہیں

عَزِیْزٌ عَلَیَّ اَنْ یَّجْرِیَ عَلَیْكَ دُوْنَهُمْ مَّا جَرٰی،

مجھ پر گراں ہے کہ لوگوں کی طرف سے آپ پر گذرے جو گزرے

هَلْ مِنْ مُّعِیْنٍ فَاُطِیْلَ مَعَهُ الْعَوِیْلَ وَالْبُکَآءَ

تو کیا کوئی ساتھی ہے جسکے ساتھ مل کر آپ کے لیے گریہ وزاری کروں؟

هَلْ مِنْ جَزُوْعٍ فَأُسَاعِدَ جَزَعَهُ اِذَا خَلَا

کیا کوئی بے تاب ہے کہ جب وہ تنہا ہو تو اس کے ہمراہ نالہ کروں

هَلْ قَذِيَتْ عَيْنٌ فَسَاعَدَتْهَا عَيْنِيْ عَلَى الْقَذٰى

آیا کوئی آنکھ ہے جس کے ساتھ مل کر میری آنکھ غم کے آنسو بہائے

هَلْ اِلَيْكَ يَابْنَ اَحْمَدَ سَبِيْلٌ فَتُلْقٰى

اے احمد مجتبیٰ کے فرزند آپ کے پاس آنے کا کوئی راستہ ہے؟

هَلْ يَتَّصِلُ يَوْمُنَا مِنْكَ بِعِدَةٍ فَنَحْظٰى

کیا ہمارا آج کا دن آپ کے کل سے مل جائے گا کہ ہم خوش ہوں

مَتٰى نَرِدُ مَنَاهِلَكَ الرَّوِيَّةَ فَنَرْوٰى

کب وہ وقت آئے گا کہ ہم آپ کے چشمے سے سیر اب ہوں گے

مَتٰى نَنْتَقِعُ مِنْ عَذْبِ مَآئِكَ فَقَدْ طَالَ الصَّدٰى

کب ہم آپ کے چشمۂ شیریں سے پیاس بجھائیں گے؟ اب تو پیاس طولانی ہو گئی

مَتٰى نُغَادِيْكَ وَنُرَاوِحُكَ فَنُقِرَّ عَيْنًا

کب ہماری صبح و شام آپ کے ساتھ گزرے گی کہ ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں

مَتّٰى تَرَانَا وَنَرَاكَ وَقَدْ نَشَرْتَ لِوَآءَ النَّصْرِ

کب آپ ہمیں اور ہم آپ کو دیکھیں گے جبکہ آپ کی فتح کا پرچم لہراتا ہو گا

تُرٰى اَتَرَانَا نَحُفُّ بِكَ وَاَنْتَ تَاُمُّ الْمَلَاَ

ہم آپ کے گرد جمع ہوں گے اور آپ سب لوگوں کے امام ہوں گے

وَقَدْ مَلَاْتَ الْاَرْضَ عَدْلًا

تب زمین آپ کے ذریعے عدل سے پر ہو گی

وَّ اَذَقْتَ اَعْدَآئَكَ هَوَانًا وَّعِقَابًا

آپ اپنے دشمنوں کو سختی و ذلت سے ہمکنار کریں گے

وَّ اَبَرْتَ الْعُتَاةَ وَجَحَدَةَ الْحَقِّ

آپ سرکشوں اور حق کے منکروں کو نابود کریں گے

وَقَطَعْتَ دَابِرَ الْمُتَكَبِّرِيْنَ

مغروروں کا زور توڑ دیں گے

وَاجْتَثَثْتَ اُصُوْلَ الظَّالِمِيْنَ. "وَنَحْنُ نَقُوْلُ "

اور ظلم کرنے والوں کی جڑیں کاٹ دیں گے اس وقت ہم کہیں گے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،

حمد ہے خدا کے لیے جو جہانوں کا رب ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ كَشَّافُ الْكُرَبِ وَالْبَلْوٰى

اے معبود تو ہے دکھوں اور مصیبتوں کو دور کرنے والا

وَاِلَيْكَ اَسْتَعْدِىْ فَعِنْدَكَ الْعَدْوٰى

میں تیرے حضور شکایت لایا ہوں کہ تو مداوا کرتا ہے

وَاَنْتَ رَبُّ الْاٰخِرَةِ وَالدُّنْيَا

اور تو ہی دنیا و آخرت کا پروردگار ہے

فَاَغِثْ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

پس میری فریاد سن اے فریادیوں کی فریاد سننے والے

عُبَيْدَكَ الْمُبْتَلٰى وَاَرِهٖ سَيِّدَهٗ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى

اپنے اس حقیر اور دکھی بندے کو اس کے آقا کا دیدار کرا دے اے زبردست قوت والے

وَاَزِلْ عَنْهُ بِهِ الْاَسٰى وَالْجَوٰى

ان کے واسطے سے اس کے رنج و غم کو دور فرما

وَبَرِّدْ غَلِيْلَهٗ يَا مَنْ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى

اور اس کی پیاس بجھا دے اے وہ ذات جو عرش پر حاوی ہے

وَمَنْ اِلَيْهِ الرُّجْعٰى وَالْمُنْتَهٰى،

کہ جس کی طرف واپسی اور آخری ٹھکانا ہے

اَللّٰهُمَّ وَنَحْنُ عَبِيْدُكَ التَّائِقُوْنَ اِلٰى وَلِيِّكَ

اور اے معبود ہم ہیں تیرے حقیر بندے جو تیرے ولی مشتاق

الْمُذَكِّرِ بِكَ وَبِنَبِيِّكَ خَلَقْتَهُ لَنَا عِصْمَةً وَّمَلَاذًا

جن کا ذکر تو نے اور تیرے نبی نے کیا تو نے انہیں ہماری جائے پناہ ہمارا سہارا قرار دیا

وَّاَقَمْتَهُ لَنَا قِوَامًا وَّمَعَاذًا وَّجَعَلْتَهُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ مِنَّا اِمَامًا،

ان کو ہماری زندگی کا ذریعہ اور پناہ گاہ بنایا اور ان کو ہم میں سے مومنوں کا امام قرار دیا

فَبَلِّغْهُ مِنَّا تَحِيَّةً وَّسَلَامًا وَّزِدْنَا بِذٰلِكَ يَارَبِّ اِكْرَامًا

پس ان کو ہمارا درود و سلام پہنچا اور اے پروردگار ان کے ذریعے ہماری عزت میں اضافہ فرما

وَّاجْعَلْ مُسْتَقَرَّهُ لَنَا مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا

ان کی قرار گاہ کو ہماری قرار گاہ اور ٹھکانہ بنادے

وَّاَتْمِمْ نِعْمَتَكَ بِتَقْدِيْمِكَ اِيَّاهُ اَمَامَنَا حَتّٰى تُوْرِدَنَا جِنَانَكَ

ہم پر ان کی امامت کے ذریعے ہمارے لیے اپنی نعمت پوری فرما یہاں تک کہ وہ ہمیں تیری جنت میں

وَمُرَافَقَةَ الشُّهَدَآءِ مِنْ خُلَصَائِكَ،

ان شہیدوں کے پاس لے جائیں گے جو مقرب خاص ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے معبود: رحمت نازل فرما محمد و آل محمد پر

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ جَدِّهٖ وَرَسُوْلِكَ السَّيِّدِ الْاَكْبَرِ

اور رحمت فرما امام مہدی کے نانا محمد پر جو تیرے رسول اور عظیم سردار ہیں

وَعَلٰى اَبِيْهِ السَّيِّدِ الْاَصْغَرِ وَجَدَّتِهِ الصِّدِّيْقَةِ الْكُبْرٰى

اور رحمت کر القائم کے والد پر جو چھوٹے سردار ہیں رحمت فرما انکی دادی صدیقہ کبریٰ

فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ،

فاطمہ علیہ السلام بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت فرما

وَعَلٰى مَنِ اصْطَفَيْتَ مِنْ اٰبَائِهِ الْبَرَرَةِ

ان سب پر جن کو تو نے ان کے نیکوکار بزرگوں میں سے چنا

وَعَلَيْهِ اَفْضَلَ وَاَكْمَلَ وَاَتَمَّ وَاَدْوَمَ

اور رحمت فرما القائم پر بہترین کامل پوری ہمیشہ ہمیشہ بہت سی

وَاَكْثَرَ وَاَوْفَرَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ اَصْفِيَآئِكَ

بہت زیادہ جو رحمت کی ہو تو نے اپنے برگزیدوں میں سے کسی پر

وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، وَصَلِّ عَلَيْهِ صَلٰوةً

اور مخلوق میں سے اپنے پسند کردہ پر اور درود بھیج القائم پر وہ درود

لَّا غَايَةَ لِعَدَدِهَا وَلَا نِهَايَةَ لِمَدَدِهَا وَلَا نَفَادَ لِاَمَدِهَا،

جس کا شمار نہ ہو جس کی مدت ختم نہ ہو اور جو کبھی قطع نہ ہو

اَللّٰهُمَّ وَاَقِمْ بِهِ الْحَقَّ وَاَدْحِضْ بِهِ الْبَاطِلَ

اے معبود: ان کے ذریعے حق کو قائم فرما ان کے ہاتھوں باطل کو مٹادے

وَاَدِلْ بِهٖ اَوْلِيَآئَكَ وَاَذْلِلْ بِهٖ اَعْدَآئَكَ،

ان کے وجود سے اپنے دوستوں کو عزت ان کے ذریعے اپنے دشمنوں کو ذلت دے

وَصِلِ اللّٰهُمَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ

اور اے معبود ہمیں اور ان کو اکھٹے کردے

وُصْلَةً تُؤَدِّيْ اِلٰى مُرَافَقَةِ سَلَفِهٖ

ایسا اکٹھا کہ جو ہم کو ان کے پہلے بزرگوں تک پہنچائے

وَجْعَلْنَا مِمَّنْ يَّاخُذُ بِحُجْزَتِهِمْ وَيَمْكُثُ فِيْ ظِلِّهِمْ

اور ہمیں ان میں قرار دے جنہوں نے ان کا دامن پکڑا ہے ہمیں ان کے زیر سایہ رکھ

وَاَعِنَّا عَلٰى تَادِيَةِ حُقُوْقِهٖ اِلَيْهِ وَالْاِجْتِهَادِ فِيْ طَاعَتِهٖ

ان کے حقوق ادا کرنے میں ہماری مدد فرما ان کی فرمانبرداری میں کوشاں بنادے

وَاجْتِنَابِ مَعْصِيَتِهٖ، وَامْنُنْ عَلَيْنَا بِرِضَاهُ

ان کی نافرمانی سے بچائے رکھ ان کی خوشنودی سے ہم پر احسان کر

وَهَبْ لَنَا رَافَتَهٗ وَرَحْمَتَهٗ وَدُعَآئَهٗ

اور عطا فرما ہمیں ان کی محبت ان کی رحمت ان کی دعا

وَخَيْرَهٗ مَا نَنَالُ بِهٖ سَعَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ

اور ان کی برکت جس کے ذریعے ہم تیری وسیع رحمت

وَفَوْزًا عِنْدَكَ، وَاجْعَلْ صَلٰوتَنَا بِهٖ مَقْبُوْلَةً

اور تیرے ہاں کامیابی حاصل کریں ان کے ذریعے ہماری نماز قبول فرما

وَّ ذُنُوْبَنَا بِهٖ مَغْفُوْرَةً وَّ دُعَائَنَا بِهٖ مُسْتَجَابًا

ان کے وسیلے ہمارے گناہ بخش دے اور انکے واسطے ہماری دعا منظور فرما

وَّاجْعَلْ اَرْزَاقَنَا بِهٖ مَبْسُوْطَةً

اور ان کے ذریعے ہماری روزیاں فراخ کر دے

وَّهُمُوْمَنَا بِهٖ مَكْفِيَّةً وَّحَوَائِجَنَا بِهٖ مَقْضِيَّةً،

ہماری پریشانیاں دور فرما اور ان کے وسیلے ہماری حاجات پوری فرما

وَّاَقْبِلْ اِلَيْنَا بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَاقْبَلْ تَقَرُّبَنَا اِلَيْكَ

اور توجہ کر ہماری طرف بواسطہ اپنی ذات کریم کے اور قبول فرما اپنی بارگاہ میں ہماری حاضری

وَانْظُرْ اِلَيْنَا نَظْرَةً رَّحِيْمَةً نَّسْتَكْمِلُ بِهَا الْكَرَامَةَ عِنْدَكَ

ہماری طرف نظر کرمہربانی کی نظر کہ جس سے تیری درگاہ میں ہماری عزت بڑھ جائے

ثُمَّ لَا تَصْرِفْهَا عَنَّا بِجُوْدِكَ،

پھر بوجہ اپنے کرم کے وہ نظر ہم سے نہ ہٹا

وَاسْقِنَا مِنْ حَوْضِ جَدِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

ہمیں القائم کے نانا کے حوض سے سیر اب فرما خدا کی رحمت ان پر اور ان کی آل پر

بِكَاْسِهٖ وَبِيَدِهٖ رَيًّا رَّوِيًّا هَنِيْئًا سَائِغًا

ان کے جام سے ان کے ہاتھ سے سیر و سیر اب کر جس میں مزہ آئے

لَّا ظَمَاَ بَعْدَهٗ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور پھر پیاس نہ لگے اے سب سے زیادہ رحم والے